ان هو الا عبد انعمنا علیه

انک بالوادی المقدس طوی

رسائل مقدسه

جلد اول

مصنف

ابومقداد عبد المقدس بن
ناصرشاہ بن نظرشاہ بن احمد
غفرلهم اللہ الاحد

تنظیم اشاعة التوحید والسنة

maktabatulishaat.com

عظیم الشان خوشخبری

★ اب مکتبہ اشاعت آپ کے جیب میں ★

دنیا میں کسی بھی جگہ علماء جماعت اشاعت التوحید والسنۃ کے تمام تصانیف Play Store اور Website سے بالکل فری انسٹال/ڈاؤن لوڈ کریں۔

انسٹال/ڈاؤن لوڈ کرنے کا طریقہ

Play Store سے " مکتبۃ الاشاعت " انسٹال کرنے کے بعد ایپ میں مطلوبہ کتاب ڈاون لوڈ کریں نیز اپنی کتاب کو Website/ Play Store پر مفت شائع کرنے کے لیے بھی رابطہ کریں۔

نوٹ

ویب سائٹ پر جماعت اشاعت التوحید والسنۃ کے تمام تصانیف مثلاً تفاسیر ، فتاویٰ جات، شروح، سوانح حیات، نوٹس، درس نظامی کے کتب وغیرہ دستیاب ہیں آپ وقتاً فوقتاً Play Store اور website پر چیک کیا کریں مزید معلومات کے لیے دیے گئے واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں۔ وہاں آپ کو آسانی کے لئے مطلوبہ کتاب کا link دیا جائے گا اور آپ کو بہترین رہنمائی دی جائے گی جس سے آپ کو مطلوبہ کتاب آسانی سے ملے گا۔ پلے سٹور پر ترجمہ و تفسیر یا سورتوں کے نوعیت والے تصانیف دستیاب ہوں ہیں کیونکہ ایک PDF میں اس کا مطالعہ مشکل ہوتا ہے تو ہم نے آسانی کے لیے ہر ایک پارے کے لیے الگ الگ بٹن بنایا ہے تاکہ قارئین کے لیے پڑھنے میں آسانی ہو باقی تمام نوعیت کے تصانیف مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جو Goggle پر مزکورہ ویب سائیٹ میں سرچ کرنے سے یا ہمارے مندرجہ بالا app " مکتبۃ الاشاعت " کو پلے سٹور سے انسٹال کرنے کے بعد ایپ میں سرچ کرنے سے ملیں گے۔ آسانی کے لیے ویب سائیٹ پر links ملاحظہ کیجئے۔ جزاکم اللہ

WhatsApp:0320-1914145

ویب سائیٹ **maktabatulishaat.com** (مکتبۃ الاشاعت ڈاٹ کام)

maktabatulishaat.com

ان هو الا عبد انعمنا علیه

انك بالوادی المقدس طوی

رسائل مقدسه

جلد اول

مصنف

ابو مقداد عبد المقدس بن ناصر شاہ بن نظر شاہ بن احمد
غفرلھم اللہ الاحد

maktabatulishaat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	سیف الرحمان صاحب اپنی کتابوں کے آئینے میں	۱ تا ۳۳
۲	عیدگاہ اور عیدین کے متعلق چند ضروری مسائل	۳۴ تا ۵۱
۳	مسائل اشاعت مع مختصر دلائل	۵۲ تا ۸۰
۴	العجالۃ النادرۃ فی البحث والمناظرہ	۸۱ تا ۱۷۲

maktabatulishaat.com

سنبھل کر قدم رکھنا میکدے میں شیخ جی..... یہاں پگڑی اچھلتی ہے اسے میخانہ کہتے ہیں

﴿سیف الرحمان صاحب اپنی کتابوں کے آئینے میں﴾

تالیف

شیخ القرآن والحدیث محقق العصر العلامہ عبدالمقدس باچا مدظلہ العالی

امیر جماعت اشاعت التوحید والسنۃ حلقہ ۷

ناشر

مکتبہ: تنظیم جماعت اشاعت التوحید والسنت حلقہ نمبر ۷

maktabatulishaat.com

﴿تقریظ﴾

شیخ القرآن والحدیث علامہ مفتی اعظم مولانا سراج الدین صاحب مدظلہ

الحمدللہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ امابعد!

حضرت مولانا عبدالمقدس صاحب کے رسائل مقدسہ کے کچھ عنوانات اور بعض مواضع پرنظر ڈالی مولانا کی دیگر تصنیفات کی طرح انشاءاللہ عمدہ ہونے پر ظن غالب ہے۔

دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت مؤلف اور قاری صاحبان کیلئے مفید بنادے اور مؤلف کی سعی جمیل مقبول فرمادیں

آمین یا رب العالمین

احقر سراج الدین عفی عنہ

maktabatulishaat.com

تقریظ

شیخ القرآن والحدیث ولی کامل علامہ مولانا عبدالجبار باجوڑی مدظلہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذى لااله الاهو الملك القدوس السلام المؤمن المهيمن العزيز الجبار المتكبر ط والصلوة السلام الاتمان الاكمال على سيدنا وسندنا حبيب الهنا المقتدر محمد واله واصحابه الاخيار وعلى العلماء الذين هم ورثة الانبياء لاسيما نبينا سيد الابرار. امابعد!

بندہ ناچیز فقیر پرتقصیر نے حضرت مولانا سید عبدالمقدس باچا صاحب کے چاروں رسالے یعنی ''سیف الرحمان اپنی کتابوں کے آئینے میں'' اور عیدگاہ اور عیدین کے متعلق چند ضروری مسائل'' العجالۃ النادرۃ فی البحث والمناظرہ'' اور'' مختصر مسائل اشاعت'' جنکا مجموعہ نام رسائل مقدسہ ہے۔ مطالعہ کئے ماشاءاللہ ہر ایک رسالہ اپنے موضوع میں بے مثال ہے اور کیوں نہ ہو کہ مؤلف صاحب صاحب العلم والعمل، ذوالقلم والبیان ہیں۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی انکی سعی اور محنت اپنے دربار عالیہ میں قبول ومنظور فرمائیں اور یہ رسالے عوام اور خواص کی ہدایت وافادہ اور استفادہ کا ذریعہ بنادیں امین!

لا ارضى بواحدة رحم الله من قال امينا

الاحقر عبدالجبار الباجورى عفى عنه حالاً نزيل فنج فير صوابى

يوم الاحد ١٣ شوال المكرم ١٤٣١ھ

مقدمہ

نحمده ونصلي على رسوله الكريم وعلى اله وازواجه واصحابه الى يوم الدين اما بعدفاعوذبالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم. .يا ايهالذين امنواان كثيرامن الاحبار والرهبان ليأكلون اموال الناس بالباطل ويصدون عن سبيل الله. .(توبه؛٣٤).

اے ایمان والوں بہت سے مولوی اور پیر باطل طریقے سے ضرور لوگوں کا مال کھاتے ہیں اور انکو اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہیں۔

یہ آیت کریمہ تو یہود ونصاریٰ کے علماء اور پیروں فقیروں کے بارے میں نازل ہوئی ہے لیکن آیت کریمہ کا حکم عام ہے خصوص مورد کو اعتبار نہیں جیسا کہ علماء تفسیر اور دیگر علماء مختلف عبارات میں یہ قاعدہ پیش کرتے ہیں۔علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں... وهـذا وان كان واردا على سبب خاص فالعبرة بعموم اللفظ عند جمهور من العلماء في الاصول والفروع ...(ابن کثیر ج ٢ ص ٩).

اور ایک اور مقام میں یوں لکھتے ہیں...وعلى كل تقدير فهي عامةوان كـان سبب نزولها خاصا ..(ابن کثیر ج ۲ ص ۲۰۷)۔اس پر میں نے اپنی کتاب ,,کشف الحجاب عن وجہ المرتاب,, میں تقریباً ستائیس، اٹھائیس تفاسیر وکتب کی متعدد عبارات وحوالے پیش کئے ہیں۔دیکھئے ص ۴۴ سے ۴۷ تک۔ میں یہاں صرف علامہ آلوسیؒ کی ایک روایت نقل کرتا ہوں. .وروى عن عمر رضى الله تعالى عنه انه قال ان بنى اسرائيل قدمضواوانتم تعنون بهذايا امة محمد. . .(روح

المعانی ج ۱ ص ۳۱۵ مکتبہ امدادیہ ملتان)

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل گزر چکے ہیں اور تم اے امت محمد ﷺ اس حکم کیساتھ قصد کئے جاتے ہو۔ مذکورہ آیت کی تفسیر میں حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔ یعنی یہود اور نصاریٰ کے علماء اور پیر فقیر غلط اور ناجائز طریقوں سے لوگوں کا مال کھاتے ہیں۔ مثلاً کتمان حق پر رشوتیں لینا اور عوام سے غیر اللہ کی نام کی نذریں نیازیں وصول کرنا وغیرہ اور عوام کو حق بات نہیں بتاتے۔ اور مسئلہ توحید نہیں بیان کرتے بلکہ اسکے برعکس لوگوں کو شرک وبدعت کی تعلیم دیکر انکو اللہ کی راہ اور اسکے سچے دین توحید سے روکتے ہیں۔

(جواہر القرآن ..ج اص ۴۳۶)۔

قارئین کرام انہی رہبانوں میں سے ایک پیر سیف الرحمان بھی ہیں جو کہ بھیڑ کی شکل میں بھیڑیا ہے۔ جس نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے اور قران وسنت کو چھوڑ کر انکو اپنے پیچھے لگا کر لوگوں کی تکفیر میں لگائے ہیں اور خود تو اس تکفیر میں سرفہرست ہیں۔ تمام امت محمدیہ ﷺ کو کافر بنانے میں شب و روز منہمک ہیں۔ تبلیغی جماعت والوں کو جبریہ کافرمانتے ہیں مفتیان اکوڑہ خٹک کو اشدترین کافر بناتے ہیں۔ دیوبند کے بارے میں زبان دراز ہے۔ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب نجدی کو بدنام ظاہر کیا اور آپکے پیروں کاروں کے بارے میں لکھتے ہیں کہ یہ مشرکین اور بت پرست ہیں حضرت شیخ القران محمد طاہر نور اللہ مرقدہ پر خوب برسا ہے۔ حضرت شیخ القران مولانا غلام اللہ خانؒ پر جھوٹ باندھا ہے۔ ملاکنڈ ڈویژن کی تحریک نفاذ شریعت والوں کو کافر اور واجب

maktabatulishaat.com

القتل قرار دیا ہے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ باچا خان کو زندیق چارسدہ کہا ہے۔ اور شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کو امام الزنادقہ قرار دیا ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی خباثتیں اسکی کتابوں میں موجود ہیں تو ہم نے یہ ارادہ کیا کہ اس پیر سیف الرحمان کو اپنی کتابوں کے آئینے میں لوگوں کے سامنے پیش کریں شائد کہ ان پر اس پیر کی حقیقت واضح ہو جائے اور اس سے دست بردار ہو کر توبہ نصیب ہو جائے۔ اور اہل حق کے ساتھ مل کر باطل پرستوں سے بیزاری اختیار کریں۔ فرمان نبوی ﷺ ہے۔ سھل بن سعدؓ کی روایت ہے۔۔ فواللہ لان یھدی بک رجل واحد خیر لک من حمر النعم... پس اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ اگر تمھارے ذریعہ ایک شخص کو بھی ہدایت مل جائے تو یہ تمھارے حق میں سرخ اونٹوں سے بڑھکر بہتر ہے۔ حضرت معاذ بن جبلؓ کو بھی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا۔ یامعاذ ان یھدی اللہ علی یدیک رجلامن اھل الشرک خیر لک من حمر النعم۔ (بخاری ج ۱ص ۴۱۳۔ ۴۲۲۔۔ ۵۲۵، ج ۲ص ۶۰۶۔۔ مسلم ج ۲ص ۲۷۹۔۔ مسند احمد ج ۵ص۔۔ ۳۳۳)۔

ہمارا بھی یہی مقصد اقصیٰ ہے کہ اللہ سب کو ہدایت نصیب فرمائے اور اگر ہدایت مقدر میں نہ ہو۔ تو... معذرۃ الی ربکم... کم از کم ذمہ تو فارغ ہو جائے گا۔۔ فباللہ التوفیق وعلیہ التکلان وھو المستعان۔

قارئین کرام سے پھر خدا کیلئے پر خلوص درخواست ہے کہ پیر سیف الرحمان کو اپنی ہی کتابوں کے آئینے میں نہایت سوچ وتدبر سے دیکھیں اگر یہ شخص قابل اتباع ہوسکتا ہے تو ہمیں بھی سمجھانا ضروری ہے اور اگر صحیح نہیں اور ہے بھی نہیں تو خدا کیلئے اپنی

maktabatulishaat.com

عاقبت وآخرت برباد ہونے سے بچائیں. ویرحم اللہ عبدا قال امینا.

﴿پیر سیف الرحمان اور فتاویٰ کفر﴾

پیر سیف الرحمان درج ذیل کتابوں کے شائع کرنے والا ہے۔اور جوانکی زیر نگرانی لکھی جا چکی ہیں۔اور ضیاء اللہ صاحب تو بقول سیف الرحمان (اس فقیر کے اخص الخواص خلفاء میں سے ہیں).. ہدایت السالکین. ص۳۳۶۔

یہ کتابیں پیر صاحب کے حسب الارشاد لکھی جا چکی ہیں۔اور اس میں علماء اور دینی طبقات پر کفر کے فتوے لگاتے ہیں۔انکا کلام ملاحظہ ہو۔

﴿تبلیغی جماعت پر کفر کا فتویٰ﴾

جواب الاستفتاء سے حوالے:

(۱)...اپنی جبری اور کافر جماعت کو اہل سنت نام رکھنا عمیق غور وفکر ہے...(ص۳۵)۔

﴿مفتیان حقانیہ پر کفر کا فتویٰ﴾

(۲)...آپکا یہ تجزیہ کرنا کہ اہل جبر پر اہلسنت کا حکم کرنا۔اہل زیغ اور اہل کفر پر اہل حق اور اہل اسلام کا حکم کرنا۔فاسد ومفسد جماعت پر مصلح کا حکم کرنا۔یہ فتویٰ کیا حیثیت رکھتا ہے اس فتوے پر تو آپ خود اشد کافر بن گئے..(ص:۳۵)۔

(۳)...جب ایک آدمی قرآن سے مخالف عقیدہ رکھنے پر کافر ہو گیا۔تو اسکا خدا سے جوڑ آنے کا کیا معنی؟ اور مفتیوں آپ نے صرف نام سنا ہے معنی نہیں سمجھتے دیوانہ ہو گئے ہیں اور یہ کفر کا عقیدہ قرآن وسنت کے موافق سمجھنا تو خود کفر صریح ہے..(ص۴۳)۔

(۴)...اب دیکھو جوڑ توڑ عبارتیں اس جبری فرقے الیاسی دجالوں کے۔کس مقصد کیلئے

maktabatulishaat.com

استعمال کرتے ہیں۔اور اکوڑہ کے اندھے اور بے خبر وکیلان صفائی اس سے کیسا تعبیر کرتے ہیں۔پس یہ جوڑتوڑ معاملہ حقیقت میں انہدام دین محمد علیہ ﷺ کیلئے ایک بڑی دسیسہ ہے۔مروج اور مؤید دونوں واضح کافر ہیں...(ص۴۷،۴۸)۔

(۵)...لھذا اس آیت سے ان مفتیوں کا استدلال کافرانہ اور زندیقانہ ہے..(ص۵۳)۔

(۶)...یہاں تک پہلا مضمون کہ الیاس والی جبری تبلیغی فرقہ قطعی یقینی طور پر جبریہ اور کافر ہیں واضح ہوگیا۔اور ان پر پردہ ڈالنے والے ترویج کفر میں انکی مدد کرنے والے ہیں اور ہم نے وعدہ کیا تھا کہ یہ مذکورہ فرقہ۔جبریہ بھی ہیں اور خوارج اور گستاخان رسول جہمی ہیں اور مجسمہ بھی ہیں...(ص۵۴)۔

(۸)...آیا یہ سب شعائر اللہ کی توہین ہے یا نہیں؟ محض یہ بھی نہیں کہ اس سے شعائر اللہ کی توہین لازم ہوگئی۔بلکہ ان لوگوں نے شریعت محمدی ﷺ کی توہین اور انہدام کا التزام کیا ہے...(ص۵۵)

(۹)...یہی رشوت خور مفتیان تو حیلے حوالے بناتے ہیں...(ص۵۶)

(۱۰)...دیکھو مولوی اور قارئین رسالہ ایسے خطرناک کافروں سے محبت اور تعلق رکھنا موجب خطرعظیم ہے چند روپیوں کی خاطر یا دنیاوی عزت کی خاطر یا ووٹ حاصل کرنے کی خاطر، یا خوف ونظرت سے متاثر ہونے کی وجہ سے ایسے اغلظ ترین کافروں سے عداوت نہ رکھنا کفر بواح میں مبتلا ہونے کا خطرعظیم ہے۔نعوذ بالله من ذالك بحرمة اولیائه..کیونکہ انکا توبہ بھی قبول نہیں کیا جائے گا اور ابدی ہلاکت کیساتھ ہلاک ہوجائینگے معاذاللہ معاذاللہ انکا کفر چھپانے میں خود کافر ہوجائینگے۔جیسا کہ واضح

maktabatulishaat.com

ہوگیا۔

سابقہ عبارتوں اور تحقیقات سے معلوم ہوگیا کہ یہ لوگ شعائر اللہ اور خصوصا صحابہ کرام اور خصوصا سیدنا رسول اکرم ﷺ کے گستاخ اور بے ادب ہیں۔تو ذوالخویصر اور دیگر خوارجوں سے انکا کفر بدرجہا غلیظ تر ہے۔اوران گستاخان رسول اور دشمنان صحابہ میں سے ایک ابن سباء بھی تھااور واضح ہوگیا کہ وہ زندیق وکافر یھودی تھا۔تو فتنہ خوارج اور گستاخان رسول کی اصل بنیاد یھودیوں سے ہے۔(ص۵۸)۔

(۱۱)...پس ایک طرف انکی کفریات سے یہی مفتی صاحبان خوب خبردار ہیں۔لیکن پھر بھی ان پر پردہ ڈالتے ہیں انکی وجہ یہ ہے کہ انکا عقیدہ اور یہ تحریک اور یہ دجالی فریب مشترکہ طور پر ہے...(ص۵۹)۔

(۱۲)...سودیکھو کتنے اشد کافر ہیں اور گستاخ ہیں اور سب وشتم کرنے والے ہیں کہ تمام انبیاءکومعاف نہیں کرتے۔(ص۶۰)۔

(۱۳)..الحاصل الیاس کی اختراعی تبلیغ والے جنکی تمام دنیا کورانیوند مرکز سے تشکیل کی جاتی ہے۔قطعی طور پر یہ ثابت ہوا کہ یہ فرقہ خوارج ، گستاخان رسول ﷺ ، دشمنان صحابہؓ اور خرقوس ذوالخویصرہ اور ابن سباء کے پیروکار ہیں، متبعین ہیں اور گستاخان رسول ودشمنان صحابہ کا اصل بھی یھود سے ہے جیسا کہ ابن سباء کا تذکرہ ہوااور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ یہ فرقہ مجسمہ ہیں اور مجسمہ بھی یھودی تھےتو ان تینوں باتوں سے یہ واضح ہوگیا کہ یہ فرقہ یھودی جماعت ہے۔اور دجال قوم یھود سے ہوگا تو یہ فرقہ فتنہ دجال ہے۔(ص۶۴)۔

maktabatulishaat.com

(۱۴)..لھذا انکو فتنہ دجال سے موسوم کرنا انکا رتبہ اور حق ہے۔نبی علیہ السلام نے فرمایا بروایت عائشہؓ جسکی تخریج مسلم نے کی ہے۔فرماتے ہیں..انزلوا الناس منازلھم ..لوگوں کو اپنے اپنے مرتبہ پر نازل کیجئے تو ان لوگوں کی منزل یہ ہے کہ یہ فتنہ دجال،اور فتنہ یھود،اور مطلقا کافر بلکہ اغلظ ترین کافر ہیں.(ص ۶۴،۶۵)۔

(۱۵)...دیگر اس فرقے میں مدرسین پیروں اور شیوخ کے نام پر قسم قسم کی تربیت دیتے ہوئے مخفی کافر موجود ہیں بڑے بڑے اہل استدراج بھی ان لوگوں میں ہیں کہ ظاہر بین بلکہ ظاہر و باطن کے اندھے انکے دام شکار میں آگئے ہیں۔اللہ تعالی ہمیں اس کافرانہ دجالی فرقہ سے نجات دے۔بحرمۃ النبی الکریم ﷺ۔اور انکی کثرت دجالیت کی دلیل ہے..(ص ۶۶)۔

(۱۶)...اور طلبہ کو درس بخاری اور درس قرآن سے دھوکہ پر طلب و تحصیل علم سے نکالنے اور اس دجالی راستہ پر چلانا انکی دجل و فریب اور علم دشمنی ہے۔(ص ۷۶)۔

(۱۷)...چھٹا نمبر اس کافرانہ راستے کو لوگوں کو بلانا اور انکو یہی کافرانہ عقیدے کی تبلیغ کرنا ہے،سو قرآن عظیم اور دین محمدی کے مخالف متحقق ہو گئے اور ایسا عظیم احداث کافرانہ بنام اسلام ہے..(ص ۷۶)۔

(۱۸)...اور سیاسی لوگوں کیلئے انکا کام ستر و حجاب ہے۔یعنی اس بستر سے اور گشت کے حجاب میں قادیانیت،شیعیت،یھودیت،نصرانیت،وہابیت،جبریت،دہریت،اور تمام کافرانہ تحریکیں اپنے کام اور عقائد پھیلاتے ہیں...(ص ۷۷)۔

(۱۹)..محمد الیاس کا بیٹا محمد یوسف الیاس کے بعد اسکا جانشین اور اس کافرانہ تحریک کا

maktabatulishaat.com

امیر بن گیا...(ص۷۸)۔

(۲۰)...اور مولوی محمد یوسف کہ رائیونڈ جبریہ کا دوسرا لیڈر اعظم تھا۔فخر کیساتھ کہتا ہے کہ اب میں سب سے بڑا وہابی ہوں۔اسکے بعد بھی اس فرقہ کی دجالیت اور یھودیت میں شک کرنے والے علماء اسلام کے فتوی پر کافر اور زندیق ہیں۔اور جیسا کہ مسلمان کو کافر کہنا جرم ہے اسطرح کافر کو مسلمان کہنا بھی جرم ہے...(ص۸۰)۔

(۲۱)...جبکہ بار بار واضح ہوگیا کہ رائیونڈ سے تشکیل کی ہوئی یھودی خارجی تبلیغی جماعت والے قطعی یقینی طور پر کافر ہیں اور انکی کفر اور حکم تکفیر میں شک کرنے والے بھی یقینی کافر ہیں..(ص۸۲،۸۳)۔

(۲۲)...اور سرسید احمد اور مودودی اور محمد الیاس اور انکے دیگر ہمنوا جیسا کہ نیاز فتح پوری، ڈپٹی نذیر احمد، نام نہاد علامہ مشرقی اور جدید یھودی ابوبکر سراج الدین، سید قطب، اور اسی طرح دیگر فرنگی نواز جیسا کہ دھری تبلیغ پھیلانے والا کہ عبدالغفار خان لیڈر یا اسکے دیگر کمیونسٹ ساتھی (کفر والحادکی) عظیم ہلاکت میں ہلاک ہوگئے ہیں..(ص۸۴)۔

(۲۳)...اور یہ عبارت کہ مخلوق کچھ نہیں کرسکتی تو اسکا مدعا یعنی الوہیت دجال کیلئے ایک کڑی ہے..(ص:۸۷)۔

فتاوی سیفیہ کی عبارات

(۱)...اور اگر کوئی ان اسماء مشترکہ پر مشرک بن جاتے ہیں نعوذ باللہ جیسا کہ پنجپیریوں وہابیوں اور دیگر گمراہ فرقوں کا زعم ہے کہ انکے عقیدے میں یہ شرک ہے۔(ص۴۲)،

(۲)...ایسا نہیں جیسا کہ وہابیوں، پنج پیریوں کا عقیدہ ہے اسلئے کہ وہ خود اس عقیدے پہ

زندیق اور مشرکین بن چکے ہیں۔(ص:۴۳)۔

(۳)...جہاد اکبر کہ نفس کیساتھ ہے میں قائم ہوگیا۔عقیدہ اہل سنت والجماعت پر قائم ہوگیا۔ اگر میں مرید نہ بن جاتا۔تو میں بھی پنج پیری یا وہابی یا شیعہ اور یا دیگر گمراہ فرقوں میں سے ہوتا...(ص:۷۰)۔

(۴)...بڑی پگڑی باندھنا بدعت حسنہ ہے..(ص۱۸)

(۵)...اگر لامذہب اور پنج پیری یا خوارج یا وہابی یا غیر مقلد دیگر فرق ضالہ سے ہوتو شایان جواب نہیں اور گلہ بھی اس سے نہیں کرتا ہوں ،اسلئے کہ یہ طائفہ صوفیاء کرام کے ذاتی دشمن اور منکرین اولیاء ہیں حدیقۃ الندیۃ شرح طریقۃ محمدیہ میں بہت سے جید علماء کے فتوؤں سے کافر ملحد مردود کا حکم ان پر کیا گیا ہے۔(ص۱۹)۔

(۶)...اور طائفہ جبریہ کلمہ کا مفہوم اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اللہ سے ہونے مخلوق سے نہ ہونے کا یقین کروگے۔یعنی مخلوق کچھ بھی نہیں کرسکتی۔اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے اس لفظ سب کچھ میں حصر ہے۔اور اس میں سے کسب کی نفی کرتے ہیں اور نسبت تمام افعال یعنی کسبوں کا اللہ کو کرتے ہیں اور یہ عقیدہ جبریہ کا ہے۔(ص۲)

(۷)...اور سب کچھ میں یہ داخل ہوگیا۔تو ان تمام نامناسب امور کی نسبت کرنا اللہ تعالی کو محض کفر ہے۔اور یہ عقیدہ رکھنا از روئے عقل ونقل بلکہ مشاہدہ سے باطل ہے۔اور اس عقیدت والا ہر کوئی ہو۔اور ہر جگہ کا ہو کافر ہے..(ص۱۰)

(۸)...اور رائیونڈ والے کہتے ہیں کہ اللہ سے ہونے کا یقین کریں۔تو ہونا کسب ہے نہ خلق وایجاد تو بندے کی صفت کہ کسب ہے اللہ کو منسوب کیا۔اور بندے کو عذاب دینا

maktabatulishaat.com

نعوذ باللہ ظلم ہوا اور اللہ کو ظلم کی نسبت کرنا یہ کفر ہے..(ص ۱۵)۔

(۹)...اس نام نہاد تبلیغی پارٹی کا سلسلہ کہ رائیونڈ سے اور پھر رائیونڈ انگریز کی طرف سے ہے یہ حق کی تبلیغ نہیں کفر کی تبلیغ ہے۔اور یہ جبر کا عقیدہ ہے اور جبریہ کو مذکورہ کتابوں نے کافر کہا ہے تو ثابت ہوا کہ رائیونڈ کفر کا مرکز ہے اور اسلامی دنیا میں کفر کی شاخیں قائم کرتے ہیں اور اسلام درمیان میں سے مٹاتے ہیں..(ص ۲۷)۔

(۱۰)...وزیر مسعود نے ہاتھوں کو اٹھا کر ایک ہی آواز لگائی کہ اس عقیدے والے کافر ہیں کافر ہیں کافر ہیں۔اب عظیم ٹولے کے ہاتھوں کو اونچا کرنا اور نام ونہاد پارٹی پر اس عقیدے سے کفر کا حکم لگانا اس عصر میں ہمارے لئے اجماع کے حکم میں ہے اور اجماع کا حکم ماننا متفق علیہ حکم ہے..(ص ۲۹)۔

(۱۱)..تو اب راسخین فی الکفر تبلیغی نام نہاد پارٹیاں ایمان لاتے ہیں یا نہیں لاتے یہ انکی اپنی مرضی ہے...(ص ۳۰)۔

جب برصغیر پاک وہند میں انگریز نکالنے کی تحریک نے ترقی کی تو بہت سے فتنے برپا کرنے کیساتھ ساتھ انگریزوں نے ہندوستان کے بطن پرست مولویوں کے دو گروہوں کو پوری پوری اجرت دیدی اور اس پر مامور کئے کہ فلاں جگہ سے فلاں جگہ تک دونوں فریق سڑک پر مظاہرے کرینگے.ایک فریق رسول اکرم ﷺ کی بشریت کی نفی اور نورانیت کا اثبات کریگا۔اور دوسرا فریق نورانیت کی نفی اور عام بشریت کا اثبات کریگا۔اسی طرح دوسرے دن مظاہرہ میں ایک فریق امکان نظیر اور امکان کذب کا اثبات اور دیگر فریق اسکی نفی کریگا۔علی ھذا القیاس اور اسی طرح نئے نئے مسئلے امت

maktabatulishaat.com

کے درمیان عداوت وتفرقہ ڈالنے کیلئے برپا کئے اب بھی اس سے کئی گنا زیادہ یھود ونصاری کے الہ کار مولوی اسی طرح کرتے ہیں..(ص۲۸،۲۹)۔

(۱۳)...سو اس قول اور اس قسم فتوی صادر کرنے سے یہی افراد خود ایسی عظیم الشان کفر اور زندیقیت میں مبتلا ہوگئے کہ اہانت رسول ﷺ، اہانت صحابہ اور اہانت تمام اہل اسلام ہے...(ص۳۲)۔

(۱۴)...اسلئے کہ ایذا رسانی رسول اللہ ﷺ کو منھی عنہ ہے اور ایسا اغلظ ترین حرام ہے کہ کفر بواح ہے..(ص۳۴)۔

(۱۵)...سو یہاں اس کذاب اور زندیق نام نہاد مفتی کا دوسرا کفر بھی ثابت ہوگیا ...(ص۳۵)۔

(۱۶)...رسول اللہ ﷺ اور اہل بیت کو ایذا رسانی والے مولوی اور پیرزادگان صرف جاہل نہیں بلکہ ابوجہل ہیں...(ص۳۵،۳۶)

(۱۷)...ایک تو بے تحقیق اور بے علم فتوی صادر کیا ہے کہ امام غزالی کے قول سے تو کافر بن گئے ہیں..(ص۳۸)۔

اسی طرح ص۳۲ سے لیکر ص۴۰ تک بارہا کفر کے فتوے صادر کئے ہیں۔

maktabatulishaat.com

﴿ہدایت السالکین کے حوالے﴾

(۱)...سو اس مسئلے کی پوری پوری وضاحت ہمارے تحقیقی رسالہ جواب الاستفتاء میں موجود ہے۔(ص ۶)

(۲)...تحقیق کیلئے ہمارا رسالہ جواب الاستفتاء مطالعہ کیجئے۔تو معلوم ہوجائے گا کہ ہم نے کسی مسلمان کو مجمل لفظ پر کافر نہیں کہا ہے بلکہ رائیونڈی جبری فرقہ والوں کے ظاہری کفر کو بمطابق شریعت غراء کفر ہی کہ دیا ہے۔(ص ۷۳)

(۳)...کہ ہم تو جن فرقوں کو انکے عقائد کفریہ کی بناء پر کافر کہتے ہیں اور ضروریات دین سے انکار کی وجہ سے۔انکے کفر کو ظاہر کردیتے ہیں وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔(ص ۷۷)۔

(۴)...تو معلوم ہوا کہ ہم کسی بھی مسلمان پر اپنے پیٹ سے کفر کا حکم نہیں کرتے۔جبکہ کوئی شخص خود بخود کلمہ کفریہ سے کافر ہوجائے اور شریعت کی کتابیں اسے کافر قرار دیدیں...(ص ۸۰)۔

(۵)...کیونکہ دیوبندی بھی علی الاطلاق کافر نہیں...(ص:۸۲)۔

(۶)...بلکہ دیوبندی اور بریلوی حضرات تو بہت سارے مسائل میں افراط اور تفریط کا شکار ہیں۔تو میں کس طرح صراط مستقیم اور حنفی مذہب چھوڑ کر اپنے آپکو افراط اور تفریط میں داخل کروں...(ص ۸۴)۔

(۷)...اور یہ جو پیر محمد چشتی نے لکھا ہے کہ پیر صاحب نے اہل تشیع کی تکفیر پر فتوی صادر کیا ہے تو افتراء محض ہے۔کیونکہ اس فقیر نے ابھی تک اہل تشیع پر مستقل فتوی صادر نہیں

کیا اور نہ یہ فقیر بلا دلیل شرعی فتوی صادر کرتا ہے...(ص۸۶)۔

(۸)...قارئین پر مخفی نہیں کہ پیر محمد نے جبریہ اور دیگر باطل فرقوں کی برأت کر کے ہم عفیف مسلمانوں کو کافر ٹھہرادیا۔ حالانکہ جبریہ وغیرہ فرق ضالہ مبتدعین اعتقادی ہیں اور ضروریات دین سے منکر اور کافر ہیں...(ص۹۵)۔

(۹)...انھوں (فقہاء کرام) نے فرقہ جبریہ کی تکفیر اور خوارج وروافض کی تکفیر کی ہے اور منکرین عصمت اور گستاخ رسول کو کفر تابیدی سے مبتلا کافر ٹھہرایا ہے...(ص۱۱۱)۔

(۱۰)...تو اس عقیدہ اور اعتراض سے پیر محمد بذات خود اشد ترین کافر ہوگیا۔ اور ملحدین اور زنادقہ کی صف میں داخل ہوگیا...(۱۲۶)۔

(۱۱)...تمام احناف اور اہل سنت پر لازم ہے کہ پیر محمد کے کفر بواح کو ظاہر کر کے گستاخ اسلاف گستاخ رسول کے نام سے مسمی کریں ۔کیونکہ پیر محمد چشتی ..فاءنما ثقفتموھم فاقتلوھم ..الحدیث کا صحیح مصداق ہے...(ص۱۲۷)۔

(۱۲)...تو واضح ہوا کہ عمامہ باندھنا شعائر مؤمنین کی حیثیت سے واجب اور لازم ہے اور صرف ٹوپی رکھنا یا ننگے سر پھرنا شعائر کافرین ہے...(ص۱۳۶)۔

(۱۳)...پیر محمد صراط مستقیم سے لوگوں کو بہکاتا ہے اور سنتوں کو بری نگاہ سے دیکھ کر دین اسلام کو مجروح کر رہا ہے، اور جبریہ فرقہ اور گستاخان رسول اور شیعوں کا مؤید اور وکیل صفائی ہے...(ص۱۵۱)۔

(۱۴)...یہ اخندزادہ سیف الرحمان قیوم زمان ہیں...(ص۱۷۵)۔

(۱۵)...پس مبارک کے حقوق سے انکار کرنے کی وجہ سے پیر محمد چشتی چترالی یقینی طور پر

maktabatulishaat.com

زندیق بن چکا ہے اور محبوبان خدا سے منکر کافر ہے...(۱۸۲)۔

(۱۶)...اور پیر محمد بدترین کافر اس حالت محمودہ کو کرتب دھوکہ بازی قرار دیتا ہے...(ص۱۹۹)۔

(۱۷)...اور تعجب ہے کہ پیر محمد زندیق شیخ کی توجہ کو کرتب اور خاص عمل کا کرشمہ قرار دیتا ہے...(ص۲۰۶)۔

(۱۸)...قاری اظہر محمود اظہر خطیب مسجد انوار حبیب ضلع اٹک نے پیر محمد کو خط لکھا جس میں اسنے پیر محمد زندیق کے کافرانہ اعتراضات کو قابل ستائش قرار دیا ہے اور سالکین سیفیہ کے وجد وحالات پر تشنیع کیا ہے اور ناقابل برداشت کلمات کفریہ سے مجذوبین کے ساتھ استہزاء کیا ہے اور اس فقیر پر بھی ناشائستہ افتراء کیا ہے تو قاری اظہر محمود بھی پیر محمد کی طرح اشد کافر اور معاند حق ہے۔ اور آیت مذکورہ (اتخذ الہ ھواہ) کا مصداق صحیح ہے اور پیر محمد زندیق نے قاری اظہر کی خط پر رضا ظاہر کرکے ہمارے ہاں ارسال کیا ہے تو رضا بالکفر کفر ہے کے مضمون پر پیر محمد بھی منکر وجد اور کافر مطلق ہے...(ص۲۴۷،۲۴۸)۔

(۱۹)...لیکن پیر محمد اصل تصوف کا منکر ہے اور اسی عقیدہ میں قطعی طور پر وہابی ہے بلکہ وہابیوں سے بھی بدر جہا بدتر ہے۔ کیونکہ وہابی تو بعض صوفیہ کے ماننے کا دعوی کرتے ہیں ...(ص۲۵۳)۔

(۲۰)...ایک دفعہ مجھے یہ بھی کہا ہے کہ میں صرف آپکو مانتا ہوں اور وہ اسلئے کہ آپ وہابیوں کے خلاف ہیں اور ان پر شدت کرنے والے ہیں اور آپکے سوا کوئی اور پیر

maktabatulishaat.com

طریقت نہیں مانتا۔تو میں نے کہا کہ میرے تو تقریبا آٹھ ہزار خلفاء کرام ہیں اور سب کے سب فناء قلبی اور نفسی سے مشرف ہیں۔اور کامل مکمل اور اولیاء ہیں۔تو اگر تم صرف مجھے مانتے ہو اور انکی ولایت سے منکر ہو۔تو یہ بھی کفر ہوگا۔کیونکہ تمام اولیاء کو ماننا لیکن صرف ایک ولی سے انکار کرنا کفر ہے۔جسطرح تمام انبیاء پر ایمان لانا اور صرف ایک نبی سے انکار کرنا کفر ہے۔تو پیر محمد اس مسئلے سے انکار کرنے لگا...(ص ۲۶۰)

(۲۱)...پیر محمد صرف اس فقیر سے منکر نہیں ہے۔بلکہ تمام اولیاء متقدمین اور متاخرین سے منکر ہے تو واضح ہوا کہ وہابیوں سے کفر میں اشد ترین کافر اور زندیق ہے...(ص ۲۶۵)۔

(۲۲)...فقیر کی حقانیت پر لا تعد ولا تحصی دلائل موجود ہیں اسی طرح پیر محمد کے کفر اور اور زندیقت پر ہزاروں دلائل موجود ہیں...(ص ۲۸۷)۔

(۲۳)...جس طرح پیر محمد بدترین کافر نے رسول اکرم کے کامل تابع اور وارث کا توہین کیا۔اور ایسے شخص کی تکفیر کی جسکے کمالات ظاہرہ باطنہ پر تواتر کی حد سے زیادہ گواہ موجود ہیں...(ص ۲۹۰)

(۲۴)...(اور اپنے بارے میں خود لکھتا ہے)سیف الرحمان من المقربین الاولین...(ص ۲۹۴)۔

(۲۵)...پیر محمد ضروریات دین سے منکر ہے اور بہت سارے کفریہ عقائد کی وجہ سے کافر بن چکا ہے تو اس کافر معلن کے کفر کا اظہار علماء عصر پر واجب ہے...(ص ۳۲۱)۔

maktabatulishaat.com

خوابوں کی تو ماریں

(۱)...خلیفہ:۔کہ مجھے رسول اکرم نے خواب میں امر کیا کہ حضرت اخنذادہ سیف الرحمان نے میرے ساتھ بیعت کی ہے۔اور تم بھی جا کر ان کے ساتھ بیعت کرو۔(ص۳۲۲)۔

(۲)...مولوی محمد عارف...اور حضرت مبارک صاحب عصر حاضر کے مجدد اُمّم ہیں،اور رسول اکرم ﷺ کے نائب ہیں۔اور حضرت پیران پیر عبدیت کے مقام سے مشرف تھے اور سید حضرت مبارک نے چھ مقامات عبدیت کے مقام سے فوق کئے ہیں۔اور حضرت مبارک صاحب کا مقام پیران پیر کے مقام سے فوق ہے...(۳۲۵،۳۲۴)۔

(۳)...خواجہ محمد:۔رسول اکرمؐ فرماتے ہیں کہ حضرت اخنذادہ سیف الرحمان اگرچہ ولی ہیں نبی نہیں ہیں۔لیکن میں اسکی علوشان کی وجہ سے قیامت کے دن انبیاء کے صف میں کھڑا کرونگا۔(ص۳۲۷)۔

(۴)...مولوی عابد حسین:۔حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ تو سید عثمان بخاری کو جانتا ہے،وہ میرا شہزادہ ہے۔تم اپنے شیخ کو عرض کرو کہ وہ اپنے مریدوں کو کہیں کہ وہ مزار کو آباد کریں .....تیرا شیخ اس وقت میرا نائب ہے۔اور مقام قیومیت صدیقیت اور عبدیت سے سرفراز ہے۔اور مجھے موجودہ عصر میں سب سے زیادہ محبوب ہے۔میرے شیخ سے مراد حضرت قیوم زمان غوث دوران سرفراز مقام صدیقیت وعبدیت حضرت اخنذادہ سیف الرحمان ہے...(ص۳۲۷،۳۲۸)۔

maktabatulishaat.com

(۵)..خلیفہ امان گل اور واقعہ کشف

یہ سیف الرحمان وہی تلوار ہے کہ جہاد بدر میں مشرکین کی گردنیں اسکی ذریعہ کاٹ دی گئیں۔ نبی اکرمؐ واقعہ میں مجھے ارشادفرماتے ہیں کہ یہ سیف میری تلوار کی روح ہے...(ص ۳۲۸)۔

(۶)..صوفی رستم خان:۔میرا اصلی وارث اور نائب حضرت اخندزادہ سیف الرحمان ہیں...اسی اثناء میں رسول اکرمؐ نے مبارک صاحب امامت کیلئے آگے کردیا۔اور خود حضور اکرمؐ نے تمام حاضرین کے سمیت مبارک صاحب کے پیچھے اقتداء کیا...(ص ۳۲۹)۔

(۷)...مولوی محمد عابد حسین:۔تو نبی اکرمؐ خواب میں تشریف لائے اور ارشادفرمایا کہ پریشان نہ ہونا۔آپ کے وطن پاکستان میں اخندزادہ سیف الرحمان پیرارچی خراسانی میرا نائب ہے انکی صحبت میں جاؤ انکی صحبت میری صحبت ہے۔(ص ۳۲۹،۳۳۰)

(۸)...مولوی امین اللہ ..آپ مبارک کے کمالات اور علوم غیر متناہی ہیں کیونکہ آپ حقیقی وارث رسولؐ ہیں...(ص ۳۴۷)۔

maktabatulishaat.com

﴿عبارات سیف المؤمنین﴾

(۱)...موجودہ دور میں ایک گروہ پیدا ہوگیا ہے...جو محمد بن عبدالوہاب کے عقیدہ اور عمل پر چلتا ہے۔یہ لوگ کبھی اپنے آپ کو نام رکھتے ہیں موحدین،کبھی اہل حدیث،کبھی سلفیہ حالانکہ حقیقت میں یہ مشرکین اور بت پرست ہیں۔(ص۵۰)..

(۲)...دور حاضر میں اہل ضلال جو جھنمی فرقے ہیں انکی کچھ وضاحت کرتا ہوں اگر چہ عقائد کے بیان میں صاحب فہم کیلئے ہوگیا ہے لیکن ناموں کی تصریح نہ تھی...۷۔ساتواں فرقہ منکرین عصمت انبیاء ہیں۔کہ فرقہ حشویہ شیعوں اور وہابیوں،خوارجوں اور منکرین حدیث تمام گمراہ فرقوں کے عقائد کے حاملین ہیں...(ص۹۵،۹۶)۔

(۳)...مولانا احمد علی لاہوری نے فرمایا کہ بہت سے علماء اور مفتیان صاحبان مودودی کے حق میں فتوے شائع کرتے ہیں لیکن جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ کسی نے نہیں کہا۔کہ یہ لوگ اسلام سے خارج اور کافر ہیں۔اسی طرح مولانا نصیرالدین غورغشتوی کا فتوی انکی تکفیر۔اور اسکے خواب دیکھنے کی جو مشہور ہے۔ان لوگوں کی فرنگ نوازی میں اظہر من الشمس ہے...(ص۹۷،۹۸)۔

(۴)...آٹھواں فرقہ وہابی ہیں کہ صوبہ سرحد میں انکو پنج پیریان کہتے ہیں...وہابی کس کو کہتے ہیں وہابی حقیقت میں اس فاسدالعقیدہ آدمی کو کہتے ہیں۔جو محمد بن عبدالوہاب نجدی قرن الشیطان کے عقیدے پر ہو۔اور اسکا متبع ہو...(ص۹۸)۔

(۵)...پس شیخ طاہر پنج پیری کے کفر کے دو وجے ہیں،حیلہ اسقاط کی وجہ

maktabatulishaat.com

سے۔(۱) توہین صحابہ کرامؓ اور فقہاء عظام..(۲) انکار حیلہ شرعی۔(ص ۱۱۵)۔

(۶)...موجودہ دور میں وہابیوں کے فرقے..(۱) سرحد میں ایک فرقہ ہے ملا پنج پیر کے کہ اپنے آپکو موحدین اور اشاعت التوحید والسنت کہتے ہیں ایک ساتھی اسکا پنڈی والا غلام اللہ خان بھی تھا۔اگر چہ مولانا قاری طیب کے ہاتھ پر آخری عمر میں توبہ کی تھی ۔لیکن آگ تو لگائی تھی۔اور پنیری تو بودی تھی۔

دوسرا فرقہ ملا عبدالعزیز نورستانی کا ہے۔یہ بھی اپنے آپکو اہل حدیث کہتے ہیں اور جماعت الدعوۃ الی القران والسنۃ کہتے ہیں۔

چوتھا فرقہ سرحد کے منکرین عصمت انبیاء سب پنج پیری ہیں اور یہ وہابی بھی ہیں. پانچواں سرحد کا رائیونڈی فرقہ یہ بھی پنج پیری ہیں بلکہ سب وہابی ہیں الاماشاء اللہ ...(ص ۱۱۷،۱۱۸)۔

(۷)...وہابی خوارج ہیں اور حکم انکا باغیوں کا ہے کہ قتل کیے جائینگے۔دوسرا راستہ انکے لئے نہیں ہے۔مگر یہ کہ مسلمان انکو قتل کریں۔اور جمہور امت کی اس فتوی پر عمل کریں۔

نواں فرقہ یہی گمراہ اور بے دین فرقوں میں سے جبریہ ہیں کہ اپنے آپ کو تبلیغی کہتے ہیں اور داعی کہتے ہیں اور ٹھیک جبریہ عقیدے کی تبلیغ کرتے ہیں۔اور اسی فاسد عقیدے کی طرف دعوت دیتے ہیں اس فرقے کی جبری عقیدہ اور کلمہ طیبہ میں تحریف اور تبلیغ کی حاصل

تفصیل سے گزر چکی ہے۔(ص ۱۲۰،۱۲۱)

(۸)...اب میں ان باتوں کی کچھ وضاحت اور شرعی حیثیت بیان کرتا ہوں۔اسلئے کہ

maktabatulishaat.com

علماء کرام اور عوام مسلمانوں کو اس عظیم فتنے کی چالوں اور فریب کی داموں کا پتہ چل جائے۔(ص ۱۲۵)۔

(۹)...سو یہ بات کہ اللہ سب کچھ کرسکتا ہے اور بندہ کچھ بھی نہیں کرسکتا۔اللہ تعالی پر جھوٹ باندھنا ہے...(ص ۵۷)۔

(۱۰)...مسائل زکوۃ حج جہاد تدریس وغیرہ یا نہی عن المنکر ہے بالکل نہ کرنی چاہئے۔اور جو کوئی مدنی محنت کرتے ہیں اور مکی محنت نہیں کرتے وہ سب ظالم ہیں اور انکی محنت مقبول عند اللہ نہیں...(ص ۱۲۲)۔

(۱۱)...باقی تمام احکام کو معطل کرنا اور صرف دعوت الی الایمان کی محنت جاری رکھنا فرض اولین ہے...(ص ۱۲۲)۔

(۱۲)...جو کوئی دینی کتابیں پڑتے ہیں۔یا اور کسی ذریعہ سے دین حاصل کرنا اور شائع کرنا چاہتے ہیں وہ ظالم ہیں اور دین کی توہین کرنا چاہتے ہیں...(ص ۱۲۲،۱۲۳)۔

(۱۳)...کافروں کو دعوت دینا انکے اصولوں میں منع ہے،ہاں اگر خود بخود مسلمان ہو کر ان سے شمولیت کرسکتا ہے...(ص ۱۲۶)۔

(۱۴)...بلکہ جتنے بھی انکے ساتھ پھرتے ہیں کوئی ایک ان سے خبردار ہوگا۔دیگر خوار ذلیل تو دھوکہ ہو گئے ہیں اور شیطان اور دجال کے راستے پر اللہ تعالی کے راستے کا گمان کیا ہے۔تو اسلئے یہ کہتے ہیں کہ اب مکی زندگی کا دور ہے۔یعنی علماء اور مشائخ موجود ہیں۔جب تک یہ ختم نہ ہوں راز ظاہر کرنا مشکل ہے۔اسلئے کہ غلام احمد قادیانی کا حشر تو انکے سامنے گزر چکا ہے۔تو اول علماء اور مشائخ کو ختم کرتے ہیں اور قبضہ کرتے ہیں پھر

maktabatulishaat.com

یہ اپنا دوسرا منزل شروع کرینگے...(ص ۱۲۹)۔

(۱۵)...اسی ترتیب پر یہ لوگوں اور امت محمدی کو کافر خیال کرتے ہیں ۔نعوذ باللہ۔اور اپنے خود ساختہ عقیدے کیلئے ان میں ایسے ساتھی تیار کرتے ہیں...(ص ۱۲۹)۔

(۱۶)...اور دجال کیلئے لشکر تیار کرینگے...(ص ۱۳۰)۔

(۱۷)...عبدالوہاب صاحب ہمیشہ یہ کہتا ہے کہ جو افراد اور امت کے طبقے دیگر دین کے شعبوں میں کام کرتے ہیں اور ہمارے والا کام نہیں کرتے یہ سب ظالم ہیں انکا یہ کام اللہ کے نزدیک کچھ حیثیت نہیں رکھتا۔ بلکہ ان محنتوں سے متاثر ہو جاتا ہے۔آج کل جو قران کریم کے ترجمے بیان کئے جاتے ہیں ۔اسکے ذریعہ سے جتنا کفر پھیلتا ہے۔اتنا دیگر ذریعہ سے نہیں پھیلتا...(ص ۱۳۰)۔

(۱۸)...اور جو بے دین حکمرانوں کیخلاف جہاد کرتے ہیں جیسا کہ شیخ الھند مولانا محمود الحسن، سید احمد مدنی اور مولانا مفتی محمود وغیرہ یہ سب ان لوگوں (جماعت تبلیغ والوں) کے عقیدے پر ظالم ہیں۔اور اپنے سامعین کو بھی یہ بات ذہن نشین کی کہ یہ لوگ ظالم ہیں انکی رفاقت اور تصدیق مت کریں۔کام صرف رائیونڈ کا کام ہے دیگر یہ کہ جا بجا لوگ شیخ القران کے منصب پر بیٹھتے ہیں۔ان سب کو کفر پھیلانے والے کہتے ہیں تو اے پنج پیر کے ترجمہ خوانوں اب آپ کیا فیصلہ کریں گے...(ص ۱۳۱)۔

(۱۹)...اما (مؤمن) کیلئے رائیونڈ کی محنت شرط نہیں بلکہ وہی باطل محنت تو مؤمن کی شان سے بھی باہر ہے فافھم...(ص ۱۳۵)۔

maktabatulishaat.com

(۲۰)...سو یہ حضرات ایمان اور قرآن کی قدر نہیں جانتے...(ص ۱۳۶)۔

(۲۱)...جن آیات و احادیث سے تضعیف اعمال وغیرہ آئے ہیں وہ سب ہمارے اس محنت سے ملتے ہیں۔ اور سابقہ بیان سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ یہ لوگ اپنے کام کے علاوہ دوسرے راستے کو خدا کا راستہ نہیں کہتے...(ص ۱۳۷)۔

(۲۲)...سو معلوم ہوا کہ انکا لفظ خدا سے وہ حقیقی خدا وحدہ لاشریک مراد نہیں۔ بلکہ اپنا موعود دجال کو لفظ خدا استعمال کرتے ہیں یعنی دجال کے راستے کو خدا کا راستہ کہتے ہیں...(ص ۱۳۷)۔

(۲۳)...دیگر ثبوت اس بات کی یہ ہے کہ نبی علیہ السلام نے دجال کے لشکر کی جو علامات بیان کی ہیں وہ علامات ان لوگوں میں پوری پوری موجود ہیں...(ص ۱۳۸)۔

(۲۴)...ہاں اسمیں انکا ایک مدعا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ان پڑھ آدمی کی تختی صاف ہوتی ہے علم نہیں رکھتا صحیح اور غلط عقیدے کا امتیاز نہیں کرسکتا۔ انکی کفریات ان حیلوں سے مرحبا کے ساتھ قبول کرتا ہے۔ البتہ عالم ایک طرف اپنے علم اور کتاب سے مسائل لیتا ہے اور دوسری طرف انکی خود ساختہ تحریف دین کو دیکھتا ہے اور ڈر سے کچھ بول بھی نہیں سکتا۔ اور اگر پوچھتا ہے تو یہ لوگ جواب نہیں دیتے بلکہ کہتے ہیں کہ خیر یہ شیطانی وسوسے ہیں۔ شیطان ملا پر زیادتی کرتا ہے۔ قربانی زیادہ کرو۔ پورا وقت لگانے سے یہ شکوک ختم ہو جائینگے۔ لیکن اصول کی پابندی کرو، اور چھ نمبروں سے باہر مت جاؤ۔ پس مولوی صاحب تو ایک سال تک سر مارتا مارتا ہے۔ لیکن آخر وہ بھی جاہل جیسا بن جاتا ہے۔ اور پرانا سبق وہ بھول جاتا ہے...(ص ۱۴۰، ۱۴۱)۔

maktabatulishaat.com

(۲۵)...ہر بدعتی اور گمراہ اپنے فاسد عقیدے کی اشاعت اس راستے میں آسانی کر سکتے ہیں۔جیسا کہ سرحد میں پنج پیریوں اور وہابیوں نے اپنے فاسد عقائد اس طریقے سے پھیلائے...(ص۱۴۲،۱۴۳)۔

(۲۶)...العرض تمام دین کے اور اہل دین کے دشمن حقیقی اور ختم کرنے والے اور دجالی لشکر ہیں۔اللہ جل جلالہ ان سے امت مسلمہ کو نجات اور امان دیں اور جو لاعلمی میں انکے ساتھ گئے ہیں اللہ انکو توبے کی توفیق اور دوبارہ مخالفت اور اجتناب کرنے کی مدد نصیب فرمائے آمین بحرمۃ النبی الکریم الامین...(ص۱۴۳)۔

(۲۷)...دسواں گروہ ان گمراہ طبقوں کے وہی لوگ ہیں جنکو جبارین فی الارض۔زمین میں جبر کرنے والے کہتے ہیں۔اگر چہ یہ لوگ ایک منظم پروگرام کی شکل نہیں رکھتے۔اپنی اعراض کیلئے کچھ شرعی دلائل بھی پیش نہیں کر سکتے۔لیکن جبر ظلم رشوت خوری تکبر وغرور محبت مال محبت جاہ محبت کرسی اور منصب انکی خصلتیں ہیں...(ص۱۴۴)۔

(۲۸)...اگر چہ ان میں شاذ و نادر نیک لوگ اور عاملین اور مذہب دوست بھی ملتے ہیں لیکن وہ بہت کم ہیں باقی جتنے بھی ہیں فرعونی اور قارونی اخلاق کے واضح نمونے ہیں ...(ص۱۴۴)۔

(۲۹)...سو یہاں تک تو مختصراً ان گروہوں کا ذکر و بیان ہو گیا جن کے ساتھ طالبان حق پر نفرت اور عداوت لازم ہے لیکن اس پرفتن دور میں اگر ایک طرف کافر کہنا زیادہ ہو چکا ہے تو دوسری طرف کافر بھی مسلمانوں کے ساتھ اختلاط کرنے سے مسلمانوں کے نام پر کفر کی اشاعت کرتے ہیں...(ص۱۴۷)۔

maktabatulishaat.com

(۳۰)...ہم نہ بریلوی ہیں اور نہ دیوبندی ہیں نہ ہم بریلویوں کی تقلید کرتے ہیں اور نہ دیوبندیوں کی تقلید کرتے ہیں...(ص۱۸۹)۔

ایک پوسٹر پرابتداء میں یہ اشعار ہیں۔

یا رسول الله انظر حالنا.....یاحبیب الله اسمع قالنا

اننی فی بحر غم مغرق.....خذیدی سهل لنا اشکالنا

دوسراپوسٹر ''مناظرہ تیراہ،،اسکاعنوان ہے۔اس پوسٹر میں یوں لکھتے ہیں۔

جہاد کی فرضیت

رائیونڈ تبلیغی جماعت، پنج پیریان، وہابیان، مودودی کے عقائد آپکو واضح ہو گئے۔ یہ خوارج ہیں مجسمہ اور جبریہ ہیں اور یہ گروہیں زندیق اور کافر ہیں اور یہ سارے فرقے انگریز اور یہود کے فرقے ہیں پوری وضاحت کیلئے ہماری کتابیں سیف المؤمنین، سیف الرجال، جواب الاستفتاء اور تحقیق الھدی اور تشریحات ضیائیہ دیکھیں۔قرآن وسنت کی روشنی میں ان فرقوں کا حکم قتل ہے۔تمام مسلمانوں پر فرض ہے کہ ان لوگوں کے خلاف جہاد کریں۔

(۱)...شیخ الاسلام ان تیمیہ'' کے بارے میں ایک کتاب بزبان پشتو لکھی ہے ایک سو بہتر صفحات پر مشتمل ہے۔اس کتاب کے سرورق اور پہلے صفحہ پر ابتداء اسطرح کی ہے۔جان لو یہ بات کہ وہابیوں، پنج پیریوں مودودیوں تبلیغیوں، عثمانیوں، نجدیوں، قادیانیوں، اہل حدیثوں، اور غیر مقلدین کا بڑا بابا ابن تیمیہ ہیں اور یہ خارجی کافر اور زندیق ہے۔

maktabatulishaat.com

قارئین قیاس کن زگلستان من بہار مرا۔ باقی کتاب کتنی خوبصورت ہوگی..

﴿سیف الرجال کی عبارات﴾

اپنی اس کتاب کے تعارف میں یوں لکھتا ہے۔

زیر نظر کتاب ایک تحقیقی اور انقلابی کتاب ہے ...خاص طور پر سرحد اور ملاکنڈ ڈویژن میں شریعت کے نام پر وہابیوں کی کافرانہ تحریک اور خانہ جنگی برپا کرنے والی ناپاک عزائم کو چاک کردیا ہے...(تعارف سیف الرجال: ص ا)۔

(۲)...نفاذ شریعت محمدی اور اسلامی شریعت کے نام پر وہابی مودودی خوارج کی تکفیر اور احادیث مبارکہ میں اس دجالی فتنے کے متعلق پیشن گوئیاں اور مجتہدین عظام کے اقوال وتحقیقات کی روشنی میں اس فرقہ کا کافر ہونا ثابت کردیا گیا ہے...(حوالہ مذکورہ)۔

(۳)...اور اس بدترین فرقہ کے مخصوص عقائد مثلاً اللہ تعالی کی ذات اور صفات سے انکار کہ مجسمہ فی الحقیقت، بت پرست اور منکر خدا ہیں اور یہ لوگ مجسمہ ہیں...(حوالہ بالا)

(۴)...کرامات معجزات، برکات تصوف، وسیلہ زیارت النبیؐ (علیہ السلام) تقلید: اختیار عباد اور دوسرے کئی متواتر اور ضروری فی الدین احکامات سے منکرین ہیں...(حوالہ مذکورہ)۔

(۵)...پنج پیری اور مودودی پارٹی والوں کا ان غیر ملکی عرب تخریب کاروں سے عقیدوی لگاؤ ہے...(ص ۶)۔

(۶)...اس تحریک (ملاکنڈ) کے پس پردہ عزائم کافرانہ اقدامات...(حوالہ مذکورہ)۔

(۷)...اس تحریک والے کافر واجب القتل ہیں...(حوالہ بالا)۔

maktabatulishaat.com

(۸)...تمام اهل اسلام سے گزارش هے...اور سب ملکراس قسم کے خطرناک اور بدکردار کافرانہ اقدامات کرنے والوں کیخلاف جہاد فی سبیل اللہ میں ہمارے ساتھ تعاون کریں...(حوالہ مذکورہ)۔

(۹)...تنظیم نفاذ شریعت محمدی کے نام پر وہابی سلفی اور مودودی محرکین اور انکے عقائد کافرانہ...(ص ۲۴)۔

(۱۰)...جس نے بھی ان وہابیوں خارجیوں کو قتل کیا تو قاتل کو بہت بڑا ثواب ملے گا...(ص ۳۶)۔

(۱۱)...ملا محمد طاہر پنج پیری (نوراللہ مرقدہ وبرداللہ مضجعہ واسکنہ بحبوحۃ الجنان) نے اپنے رسالوں میں واضح طور پر لکھا ہے کہ میں نے یہ عقیدہ محمد بن عبدالوہاب نجدی اور امام الزنادقہ ابن تیمیہ (معاذاللہ) سے حاصل کیا...(ص ۳۰)۔

(۱۲)...اور یہ لوگ (پنج پیری وہابی اور مودودی جماعت والے) واضح طور پر خوارج ہیں اور خوارج واضح طور پر کافر ہیں اور ملحد وزندیق ہیں۔انکی توبہ قبول نہیں۔اور انکا قتل کرڈالنا واجب ہے تو اب بھی ہمارے مسلمان بھائیوں کو چاہئے کہ شریعت کا جذبہ شریعت کے مطابق صرف کردیں اور ان کافروں کو قتل کردیں...(ص ۴۲،۴۳)۔

(۱۳)...اور اس فرقہ کے مشہور لیڈر خان باچا خان چارسدہ والا جو ابھی مردار ہو چکا ہے چارسدہ کے عظیم مقبرہ میں...تو تم کہو اے لوگوں! کہ ابھی یہ کتا اچھا ہے یا یہ سب پیغمبر؟ بلکہ یہ کتا ان سب پیغمبروں سے معاذاللہ اچھا ہے...(ص ۵۶)۔

(۱۴)...صوفی محمد زندیق نے جلسئہ تیمرگرہ میں کہا...دیکھو بھائیوں اس بدترین کافر

maktabatulishaat.com

اور زندیق (صوفی محمد) نے...اس کافرانہ تحریک کے امیر صوفی محمد کا بیان اسطرح شائع ہو چکا ہے...(ص۸۴)۔

(۱۵)...صوفی محمد اور اسکے خاص ہم عقیدہ قطعی طور پر کافر ہو چکے ہیں اور زندیق ہو چکے ہیں...(ص۸۶)۔

(۱۶)...ملا افضل خان شاہ پوری (ملأ اللہ قبرہ نورا وراحۃ وادخلہ جنۃ الفردوس امین وصلی اللہ علی النبی الکریم) بر سوات پنج پیریوں وہابیوں کا بڑا شیطان اور رئیس ہے...(ص۸۶)۔

(۱۷)...مشائخ وعلماء اہل سنت کے عقائد واعمال:

۱...علم غیب عطائی حضور ﷺ اور دیگر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام نیز اولیاء کرام کیلئے ثابت ہے۔

۲...حضور اقدس ﷺ حاضر وناظر ہیں اور حقیقت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والتسلیم اور آپکی برکات وفیوض کائنات کے ذرہ ذرہ میں موجود ہیں۔

۳...حضور اقدس ﷺ اور دیگر تمام انبیاء کرام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور اصحاب تصرف ہیں۔

۴...نماز جنازہ کے بعد دعا اور حیلہ اسقاط ثابت ہیں۔

۵...رائیونڈی جبریہ جماعت کی مروجہ تبلیغ قران وحدیث اور مذاہب اربعہ کی روشنی میں بدعت اور وہابیت اور نجدیت پھیلانے کیلئے انگریزی تحریک ہے لھذا جملہ مسلمانوں کو ان سے اجتناب ضروری ہے۔

۶...میلاد شریف منانا اور قیام تعظیمی اور صلوۃ وسلام پڑھنا شرعا جائز اور باعث ثواب

ہیں۔

۷۔کلمہ طیبہ کا رائیونڈی جبریہ مطلب کہ (مخلوق سے نہ ہونے کا یقین اور خالق سے ہونے کا یقین) شرعاً غلط اور کلمہ طیبہ کی تحریف ہے۔

۸...مزارات اولیاء پر حاضری وہاں دعائیں مانگنا انکا عرس منانا موجب ثواب و برکت ہے۔

۹...انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام و اولیاء کرام کی ذوات کو مظاہر عون الٰھی جان کر انکو وسیلہ بنا کر اللہ تعالی سے مدد مانگنا شریعت میں ثابت ہے اور اجر و ثواب ہے۔

۱۰...رائیونڈی جبریہ جماعت جہاد کی آیات و احادیث کو رائیونڈی تبلیغ پر چسپاں کرتے ہیں اور گلیوں میں پھرنے کو جہاد اور اپنے آپ کو مجاہدین کہتے ہیں یہ سراسر قران و حدیث کی تحریف و ضلالہ ہے۔

۱۱...رائیونڈی جبریہ کا یہ کہنا ہے کہ رائیونڈ تبلیغ میں جانے والے ایک نماز کا انچاس کروڑ نمازوں کے ثواب کے برابر ملتا ہے۔سراسر جھوٹ ہے اور اسکا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں۔البتہ یہ سادہ لوح مسلمانوں کو رائیونڈی وہابی بنانے کیلئے مکروہ فریب ہے...(ماہنامہ السیف الصارم جلد نمبر ۱ ص ۲۵،۲۶،دسمبر ۱۹۹۶ ء رجب المرجب ۱۴۱۷ ھ شمارہ نمبر ۱۹)۔

۱۲...(اولیاء اللہ کے قبروں کو خوب بنانا) یہ مسئلہ مصنف علیہ الرحمۃ نے بدعت حسنہ کے امثلہ میں بیان کیا ہے تعریف ثانی پر کیونکہ تعریف اول پر بدعت کی تعریف میں داخل نہیں ہوتا اور اسکے لئے اصل ثابت ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالی نے ارشاد کیا ہے کہ ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب..الایہ (تشریحات ضیائیہ علی جوابات سیفیہ

maktabatulishaat.com

ص ۲۱۶ فتاوی سیفیہ ص ۱۸)۔

قارئین کرام! اب آپ خود فیصلہ کریں کہ یہ پیر سیف الرحمان کیسا آدمی ہے؟

ع..... گربہ میر وسگ وزیر وموش دربانی کند..ایں چنیں ارکان دولت خانہ ویرانی کند۔

ایسے پیر کے اندھے مریدوں کے بارے میں یہ کہنا مناسب ہے۔

پھرے زمین پھرے آسمان ہوا پھر جائے

پھرینگے تجھ سے نہ ہم گو ہم سے خدا پھر جائے۔

خیر خواہانہ مشورہ بے سود۔ اسکی قسمت میں ہی تباہی ہے

ع..خدایا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں..

کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری۔

لھذا ان جیسے پیروں کے بارے میں آیت قرانی ہے کہ ...یاایھاالذین امنوا ان کثیرا من الاخبار والرھبان لیأکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن سبیل الله.

اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه آمین وصلی الله علی النبی الکریم..... کتبه العبد الفقیر الحقیر الی الله الغنی العظیم ابو مقداد عبدالمقدس بن ناصر شاه بن نظر شاه بن احمد غفر لهم الله الاحد وانتهی بتاریخ.. ۳/۵/۲۰۱۰ قبیل اذان العصر بیوم الاثنین والحمدلله علی کل حال سوا الکفر والضلال.

maktabatulishaat.com

سیبقی الخط دھرا فی الکتاب...و تبلی الید منی فی

التراب

فیالیت الذی یقرء کتابی...دعا لی بالخلاص من

الحساب

maktabatulishaat.com

﴿عیدگاہ اور عیدین کے متعلق چند ضروری مسائل﴾

مسائل عیدین پر ایک بہترین رسالہ

مصنف

شیخ القرآن والحدیث العلامہ ابومقداد عبدالمقدس باچا صاحب

امیر جماعت اشاعت التوحید والسنت حلقہ نمبر ۷

ناشر

مکتبہ تنظیم اشاعت التوحید والسنت حلقہ نمبر ۷

کمپوزر: مفتی محمد سلیمان ساجد

maktabatulishaat.com

﴿بیان بعض الاحکام والمصلی﴾

(۱)......عیدالفطر کی نماز سے پہلے کچھ خوراک کی چیز کھانا سنت ہے۔ جبکہ عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد کھانا سنت ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

عن انس بن مالك قال كان رسول الله ﷺ لا يغدو يوم الفطر حتى يأكل تمرات........قال حدثنى انس رضى الله عنه عن النبى ﷺ و يأ كلهن وترا..(بخارى ج١ ص ١٣٠، السنن الكبرى ج٣ ص ٣٩٩، ٤٠٠).

عن مالك عن هشام بن عروة عن ابيه انه كان يأكل يوم عيد الفطر قبل ان يغدو..وعن سعيد بن المسيبؒ انه اخبره ان الناس كانو يؤمرون بالاكل يوم الفطر قبل الغدو قال مالك ولا ارى ذالك على الناس فى الاضحى.

..(مؤطا امام مالك ص ١١٦ كتاب العيدين).

حاصل مطلب:۔رسول اللہ ﷺ عیدالفطر کی نماز کو نکلنے سے پہلے طاق کھجور کھاتے تھے...اور یہ حکم عیدالاضحیٰ میں نہیں ہے۔ حدیث نبویؐ ہے۔

عن عبدالله بن بريدة عن ابيه قال كان النبى ﷺ لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم ولا يطعم يوم الاضحى حتى يصلى..(الترمذى ج١ ص ١٢٠، ابن ماجه ص ١٢٥، ١٢٦، السنن الكبرى ج٣ ص ٤٠١).

اور یہ حکم درجہ استحباب میں ہے امام ترمذیؒ فرماتے ہیں،

وقد استحب قوم من اهل العلم ان لايخرج يوم الفطر حتى يطعم

maktabatulishaat.com

شیئاویستحب له ان یفطر علی تمرولایطعم یوم الاضحی حتی

یرجع...(الترمذی ج۱ص ۱۲۰).

(۲)......رسول اللہ ﷺ نے نماز عید سے پہلے اور بعد میں کبھی نفل نماز نہیں

پڑھی۔

عن ابن عباس رضی الله عنه ان النبی ﷺصلی یوم الفطر کعتیں لم

یصل قبلهماولابعدهما.. (بخاری ج۱ ص ۱۳۱،۱۹۲،مسلم،ج۱ص ۲۹۱،

ترمذی،ج۱ ص ۱۲۰ ،مشکوۃص ۱۲۵ ،مسند احمدج۱ ص ۲۸۰ ،مستدرک

ج۱ص ۴۳۵ السنن الکبری ج۳ص ۴۲۳).

یہ نفل نماز پڑھنا نماز عید سے پہلے مطلقا ممنوع ہے۔یعنی گھر میں اور نہ عید گاہ

میں۔اور نماز عید سے بعد عید گاہ میں ممنوع اور گھر میں پڑھنا جائز ہے۔جیسا کہ در

مختار میں ہے۔

ولایتنفل قبلها مطلقاوبعدها فی مصلاهاوان تنفل فی البیت جاز

...(درمختار ج۱ص ۶۱۳،۶۱۴)۔

اور علامہ شامیؒ لکھتے ہیں:

وهذاالنفی محمول علیه فی المصلی...(شامی ج۱ص ۶۱۴).

اسی طرح یہ مسئلہ فتاوی دیوبند ج۵ص ۲۰۲،۲۰۳ میں بھی ہے۔

(۳)......عید گاہ کو نماز کیلئے ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپس

آنا ایک مستحب اور مسنون طریقہ ہے۔

maktabatulishaat.com

عن جابر رضی اللہ عنہ قال کان النبی ﷺ اذا کان یوم عید خالف الطریق... (بخاری ج١ ص ١٣٤، مشکوۃ ص ١٢٦، فقہ السنۃ ص ٢٧٩).

وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ ﷺ اذا خرج یوم العید فی طریق رجع فی غیرہ (الترمذی ج١ ص ١٢٠ مستدرک ج١ ص ٤٣٦).

حاصل مطلب:۔ رسول اللہ ﷺ نے نماز عید کیلئے مصلی کو ایک راستے سے جاتے تھے اور دوسرے راستے سے واپس آجاتے تھے۔

(۴)...... یک ہی راستے سے آنا اور واپس جانا بھی جائز ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔

عن بکر بن مبشر الانصاری قال کنت اغدو مع رسول اللہ ﷺ الی مصلی یوم الفطر ویوم الاضحی فنسلک بطن بطحان حتی نأتی المصلی فنصلی مع رسول اللہ ﷺ ثم نرجع من بطن بطحان الی بیوتنا. (ابوداؤد ج١ ص ١٧١، التاریخ الکبیر ج٢ ص ٩٤)...

الحاصل:۔ صحابہ کرامؓ وادی بطحان کے راستے سے عیدگاہ کو نماز پڑھنے کیلئے آتے تھے اور پھر اسی راستے سے گھروں کو واپس جاتے تھے۔

(۵)...... عیدگاہ میں نماز پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ بارش وغیرہ عذر کی وجہ سے مسجد میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ مسجد حرام اس حکم سے مستثنیٰ ہے۔ نماز عید اس میں پڑھنا چاہئے رسول اللہ ﷺ ہمیشہ عیدگاہ کو جاتے تھے۔ ایک دفعہ بارش کی وجہ

سے مسجد نبویؐ میں نماز پڑھ لی تھی۔

حدیث شریف میں ہے۔۔۔عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انہ اصابھم مطر فی یوم عید فصلی بھم النبی ﷺ صلوۃ العید فی المسجد۔۔۔(ابو داؤد ج ۱ ص ۱۷۱، ابن ماجہ ص ۹۳، مستدرک ج ۱ ص ۴۳۵، مشکوۃ ج ۱ ص ۱۲۶)۔۔۔

عن عبداللہ بن عمر قال صلی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بالناس فی المسجد فی یوم مطر فی یوم الفطر۔۔۔ (کتاب الام ج ۱ ص ۲۳۴)۔

علامہ ابن حجر لکھتے ہیں۔

واستدل بہ علی استحباب الخروج الی الصحراء لصلوۃ العید وان ذالک افضل من صلاتھا فی المسجد لمواظبۃ النبی ﷺ علی ذالک مع فضل مسجدہ۔۔۔(فتح الباری شرح البخاری ج ۲ ص ۵۲۲)۔

حاصل مطلب:۔نماز عید کیلئے صحراء کو جانا چاہئے اور یہ مسجد میں پڑھنے سے بہتر ہے۔اسلئے کہ نبی علیہ السلام نے اس پر مداومت کی۔یعنی ہمیشہ کیلئے عیدگاہ میں پڑھی۔اسکے باوجود کہ مسجد نبویؐ میں نماز کی فضیلت ہے۔

امام شافعیؒ لکھتے ہیں۔

قال شافعی رحمۃ اللہ علیہ بلغنا ان رسول اللہ ﷺ کان یخرج فی العیدین الی المصلی بالمدینۃ وکذالک من کان بعدہ وعامۃ اھل البلدان۔۔۔(کتاب الام ج ۱ ص ۲۳۴، فتح الباری ج ۲ ص ۵۲۲)۔

maktabatulishaat.com

الحاصل:۔رسول اللہ ﷺ مدینہ طیبہ میں اور اسی طرح آپ کے بعد لوگ اور تمام شہروں والے نماز عید کیلئے عیدگاہ کو نکلتے تھے۔

قاضی شمس الدینؒ حدیث کی تشریح میں یوں لکھتے ہیں:

قوله فی المسجد لعذر المطر والا فالافضل الجبانة.. (التعليق الفصيح ج۲ ص ۴۳).

یعنی بارش کے عذر کی وجہ سے مسجد میں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھی اور اگر ایسا نہ ہوتا پس بہتر تو صحراء میں نماز پڑھنی ہے۔

علامہ حصکفیؒ درمختار میں لکھتے ہیں۔

والخروج اليها اى الى الجبانةلصلوةالعيد سنةوان وسعهم المسجدالجامع هو الصحيح ..(الدرالمختارج۱ ص ۶۱۲).

الحاصل:۔نماز عید ادا کرنے کیلئے صحراء یعنی عیدگاہ کو جانا سنت ہے اگر چہ جامع مسجد وسیع ہو لوگ اسمیں آسکتے ہوں اور یہ قول صحیح ہے۔

فتاوی عالمگیریہ میں ہے،

والخروج الى الجبانة فى صلوة العيدسنة وان كان يسعهم المسجد على هذا عامةالمشائخ هو الصحيح هكذافى المضمرات.. (الفتاوى الهنديه ج۱ ص ۱۵۰).

امام فخر الدین حسن بن منصور الحنفیؒ اپنے فتاویٰ میں لکھتے ہیں:

maktabatulishaat.com

والسنة ان يخرج الامام الى الجبانة... (فتاوى قاضي خان على هامش الفتاوى الهنديه ج١ ص١٨٣).

ابو عبد ثانی علامہ ابن نجیمؒ لکھتے ہیں۔

وفي التجنيس والخروج الى الجبانة سنة لصلوة العيدوان كان يسعهم المسجد الجامع عند عامة المشائخ هو الصحيح. (البحر الرائق ج١ ص١٥٩).

حاصل مطلب:۔ علامہ شامی کی عبارت کے ذیل میں ذکر ہو چکا ہے۔ پھر علامہ ابن نجیمؒ یوں لکھتے ہیں...

حتى لو صلى العيد في الجامع ولم يتوجه الى المصلى فقد ترك السنة.. (البحر الرائق ج١ ص١٥٩).

الاستاذ الدکتور وهبة الزحیلی لکھتے ہیں۔

فقال الجمهور غير الشافعية: موضعها في غير مكة المصلى (الصحراء خارج البلد على ان يكون قريبا من البلد عرفا عند الحنابلة) لا المسجد الا من ضرورة اوعذر وتكره في المسجد بدليل فعل النبي ﷺ والكراهة لمخالفة فعله عليه السلام فان كان عذر لم تكره لقول ابى هريرة: اصابنا مطر في يوم عيد فصلى بنا النبي ﷺ في المسجد وروى ان عمر وعثمان رضى الله عنهما صليا في المسجد في المطر اما في مكة فالافضل فعلها في المسجد لشرف المكان ومشاهدة الكعبة وذالك من اكبر شعائر الدين... (الفقه الاسلامي وادلته ج٢ ص١٣٩٤).

الحاصل :۔نماز عید ادا کرنے کی جگہ عیدگاہ ہے مسجد نہیں۔ضرورت اور عذر کے بغیر مسجد میں پڑھنا مکروہ ہے۔اسکی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا کیا ہے۔اور کراہت رسول اللہ ﷺ کے فعل کی مخالفت کی وجہ سے ہے اور عذر کی وجہ (بارش وغیرہ) سے مسجد میں پڑھنا مکروہ نہیں ہے جیسا کہ ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عید کے دن بارش ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں مسجد نبویؐ میں نماز پڑھائی اور حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے بھی بارش میں مسجد نبویؐ میں نماز پڑھائی۔ہاں مکہ مکرمہ میں مسجد حرام میں پڑھنا بہتر ہے۔

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ میں یوں لکھتے ہیں۔

اولا:المشروع ان تؤدی صلوۃ العیدین فی الفضاء ولا یلزم ان یکون المکان الذی تؤدی فیہ من اوقاف المسلمین ولا بعیدا عن المدینۃ او القریۃ.

ثانیا:اذا لم یوجد مکان للمسلمین یؤدون فیہ صلوۃ العیدین ووجد مکان صالح لادائها فیہ تملکہ دولۃ کافرۃ واذنت للمسلمین المقیمین داخلها بالصلوۃ فیہ ولا حرج فی ذالک ان شاء اللہ... (اللجنۃ الدائمۃ ج۸ ص ۲۹۱).

مشروع یہ ہے کہ فضاء میں نماز عیدین پڑھ لی جائے اور یہ لازم نہیں کہ وہ جگہ مسلمانوں کی اوقاف میں سے ہو یا شہر وگاؤں سے دور ہو۔

دوسرا:اگر مسلمانوں کو نماز پڑھنے کی جگہ نہیں اور ایک جگہ کافر حکومت کی ملی اور جو اداء نماز

کیلئے موزوں ہے اور مسلمانوں کو اس میں نماز پڑھنے کی اجازت دی تو نماز عید اسمیں ادا کی جائے گی اور انشاء اللہ اسمیں کوئی گناہ نہ ہوگا۔

مولانا اشرف علی تھانویؒ ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

جواب: فی الدر المختار: والخروج الیها ای الی الجبانة لصلوة العید سنة وان وسعهم المسجد الجامع هو الصحیح...

اور احادیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے بجز ایک بار کے کہ عذر کی وجہ سے مسجد میں ادا فرمائی تھی ہمیشہ میدان ہی میں تشریف لے جاتے تھے حتی کہ جن پر عذر شرعی سے نماز بھی نہ تھی انکو لے جانے کا اہتمام فرماتے تھے۔ چنانچہ بکثرت احادیث وارد ہیں پس جس امر کا حضور کو قولا وفعلا اہتمام ہو اسکے خلاف کا قولا وفعلا اہتمام کرنا صریح مخالفت سنت کی ہے جسکے گناہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں، حدیث میں ہے: فمن رغب عن سنتی فلیس منی.. (امداد الفتاوی ج ا ص ۴۱۰)۔

مفتی محمود رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔

عیدگاہ (صحراء) میں عید کی نماز اداء کرنا سنت ہے۔ نبی ﷺ ہمیشہ عید کی نماز پڑھنے کیلئے باہر صحراء میں تشریف لے جاتے تھے۔ سوائے ایک دفعہ کے، جسمیں بارش کے عذر کی وجہ سے مسجد نبویؐ میں عید کی نماز ادا کی گئی حالانکہ مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی کتنی فضیلت ہے۔ لھذا عیدگاہ میں نماز عید پڑھنا مسنون ہوگا۔ اگر جامع مسجد میں نماز عید بلا عذر ادا کی گئی تو نماز عید ادا ہو جائے گی۔ اگر چہ ایک سنت مؤکدہ فوت ہو جائے گا... (فتاوی مفتی محمود ص ۸۱۷)۔

maktabatulishaat.com

مفتی رشید احمد لدھیانوی ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں۔

عیدگاہ شہر سے باہر ہونا سنت مؤکدہ ہے۔کیونکہ حضور ﷺ عیدین کی نماز ہمیشہ باہر ادا فرماتے تھے بلکہ معذورین کو بھی ساتھ لے جانے کا اہتمام فرماتے تھے۔صرف ایک مرتبہ بارش کی وجہ سے باہر تشریف نہیں لے جا سکے (رواہ ابوداؤد فی سننہ۔احسن الفتاوی ج ۱ص ۱۱۹)۔

حضرت مفتی کفایت اللہؒ لکھتے ہیں،

عید کی نماز کیلئے باہر جانا سنت مؤکدہ ہے...(کفایۃ المفتی ج ۳ص ۲۵۰)۔

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ لکھتے ہیں۔

باوجود جامع مسجد نبوی میں گنجائش ہونے کے جسمیں پانچ سو نماز کا ثواب ملتا ہے خروج الی الجبانہ کو سنت لکھا ہے (طحطاوی ج ۱ص ۳۲۵) میں ہے...قولہ سنۃ فلولم یتوجہ الیھا (الجبانۃ) فقد ترک السنۃ.. بلاعذر حضور اکرم ﷺ سے بھی ثابت ہے...(فتاوی محمودیہ ج ۷ص ۳۱۶)۔

حضرت مفتی سید عبدالرحیم لاجپوریؒ لکھتے ہیں۔

...جامع مسجد وسیع اور نمازیوں کیلئے کافی ہو تب بھی عیدگاہ جانا سنت مؤکدہ ہے...آپ کے یہاں کی مسجد بڑی شاندار ہے لیکن مسجد نبوی (علی صاحبھا الف الف الصلوٰت والتسلیمات) سے تو زیادہ شاندار اور بابرکت نہیں ہو سکتی جہاں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کے برابر ثواب ملتا ہے۔اسے چھوڑ کر آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین عیدین کی نماز کیلئے جنگل تشریف لے جایا کرتے تھے...(فتاوی

رحیمیہ ج۶ ص۱۵۰)۔

اور ایک مقام پر یوں سوال وجواب لکھتے ہیں۔

(سوال ۱۲۹) ہمارے گاؤں میں دو مسجدیں ہیں۔دونوں میں نماز عید ہوتی ہے۔چھوٹی مسجد میں تنگی ہوتی ہے۔تو سرکاری جگہ کھلیاں میں نماز پڑھی جائے تو کیا حکم ہے؟

(الجواب) ہاں اس جگہ پر نماز عید درست ہے اجازت کی ضرورت ہوتو حکومت سے اجازت حاصل کی جائے...(فتاوی رحیمیہ ج۶ ص۱۷۵)۔

(۶)...مسجد نبوی کی فضیلت:۔

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ...وصلوتہ فی مسجدی بخمسین الف صلوۃ وصلوتہ فی المسجد الحرام بمأۃالف صلوۃ ...(ابن ماجہ ص ۱۰۲ مشکوۃ ص ۷۲)۔

الحاصل:۔میری مسجد میں نماز پڑھنا پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے اور مسجد حرام میں نماز پڑھنا ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے لیکن اسکے باوجود نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مسجد نبوی کو چھوڑ کر عیدگاہ میں نماز پڑھنے کیلئے گئے ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمیں بھی سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین وصلی اللہ علی النبی الکریم۔

(۷)...عید الاضحیٰ کی نماز پر جلدی کرنا چاہئے اور عید الفطر کی نماز تاخیر۔

پڑھنا چاہئے اور لوگوں کو کچھ وعظ ونصیحت کرنا چاہئے۔حدیث میں ہے۔

عن ابی الحویرث ان رسول اللہ ﷺ کتب الی عمرو بن حزم وھو بنجران ان عجل الاضحی واخر الفطر وذکر الناس...(مشکوۃ:ص ۱۲۷)۔

الحاصل:۔نجران کے حاکم حضرت عمرو بن حزم کو رسول اللہ ﷺ نے حکم بھیجا کہ نماز عیدالاضحیٰ پر جلدی کیجئے اور عیدالفطر تأخیر سے پڑھئے۔اور لوگوں کو کچھ وعظ ونصیحت کیجئے۔

قاضی شمس الدینؒ لکھتے ہیں:

لیفرغوا للتضحیۃ یوم الاضحی فانہ بعد الصلوۃ ولیؤدوا صدقۃ الفطر علی مھلۃ یوم الفطر فانہ قبل الصلوۃ... (التعلیق الفصیح علی مشکوۃ المصابیح: ج ۲ ص ۴۳)۔

الحاصل:۔نماز عیدالاضحیٰ پر جلدی اسلئے کرنا چاہئے کہ قربانی کیلئے فارغ ہوجائیں۔اسلئے کہ قربانی نماز عید کے بعد ہوتی ہے اور نماز عیدالفطر اسلئے تأخیر سے ادا کی جاتی ہے تاکہ فطرانہ (سرسایہ) ادا کیا جائے کیونکہ یہ نماز سے پہلے ادا ہوتی ہے۔

(۸)......تکبرات تشریق مناسب بلند آواز سے پڑھنا واجب ہے:فتاوی ہندیہ میں ہے۔

ویکبر فی الطریق فی الاضحی جھرا ویقطعہ اذا انتھی الی

maktabatulishaat.com

المصلی۔۔۔(الفتاوی الهندیه ج۱ ص ۱۵۰)۔

الحاصل :۔عیدالاضحیٰ میں راستے میں جھر سے تکبیر پڑھے گا اور جب عیدگاہ میں پہنچ جائے گا تو پھر خاموش بیٹھے گا۔

امام فخر الدین حسن بن منصور الاوزجندیؒ لکھتے ہیں۔

ویکبر من یذهب الی العید یوم الاضحی ویجهر بذالك۔۔(فتاوی قاضی خان علی هامش الهندیه ج۱ ص ۱۸۲)۔

الحاصل۔عیدالاضحیٰ کے دن جو عیدگاہ کو جاتے ہیں وہ جھر سے تکبیر کہینگے۔

(۹)......عیدگاہ سے واپس گھر پہنچنے کے بعد نفل پڑھ سکتے ہیں۔حدیث شریف میں ہے۔

عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه قال: کان رسول الله ﷺ اذا رجع من المصلی صلی رکعتین۔۔(المستدرك للامام حاکم ج۱ ص ۴۳۷ ،السنن الکبری للبیهقیؒ ج۳ ص ۴۲۴)۔۔

الحاصل :۔رسول اللہ ﷺ جب عیدگاہ سے واپس آجاتے تو دو رکعتیں پڑھتے تھے۔

﴿دارالعلوم کراچی کا فتوی:۱۴﴾

السلام علیکم:

درج ذیل مسئلہ آپکی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔

ہمارے گاؤں توردھیر میں تحصیل لاہور ضلع صوابی (صوبہ سرحد) میں گورنمنٹ ھائی

maktabatulishaat.com

سکول سے ملحقہ تقریباً چالیس کنال اراضی پر مشتمل ایک پبلک گراؤنڈ ہے۔

ا:۔اس گراؤنڈ میں لڑکے کھیل کے وقت میں کھیلتے ہیں اسکے علاوہ اس میں نماز جنازہ اور نماز استسقاء وغیرہ بھی پڑھی جاتی ہے۔غرض یہ کہ اس میں حکومت یا عوام الناس کی طرف سے کسی پر بابت استعمال کوئی پابندی نہیں ہے۔درج بالا امور کو مدنظر رکھتے ہوئے شریعت کی روشنی میں وضاحت کریں کہ

(۱)اس میدان میں عید کی نماز شرعاً کیا حکم رکھتا ہے۔آیا جائز ہے یا نا جائز؟

(۲)اس میدان میں صلوٰۃ عیدین پڑھنے سے عیدگاہ کا اجر وثواب ملتا ہے یا نہیں؟

(۳)اس میدان کو جب کہ گاؤں میں مخصوص عیدگاہ نہ ہو تو اسے عیدگاہ کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(۴)موجودہ دور میں اکثر لوگ مسجدوں میں نماز ادا کرتے ہیں آیا یہ صحیح ہے یا خلاف سنت ہے؟

درج بالا سوالات کے علیحدہ علیحدہ جوابات شریعت کی روشنی میں مرحمت فرما کر ہمارے گاؤں کے اختلاف کو رفع فرمائیں۔اللہ تعالیٰ آپ کو جزاء خیر عطاء فرمائے۔

والسلام

سائل: فلک زیب، ذبیح اللہ، محمد ادریس، عزیز الرحمٰن

الجواب بعون ملهم الصواب

(۱)اگر مذکورہ زمین محکمہ تعلیم کی ہے تو مجاز حکام کی صراحۃً یا دلالۃً اجازت سے یا جن کی یہ زمین مملوک ہے ان کی صراحۃً یا دلالۃً اجازت سے اس زمین میں عید کی نماز

پڑھنا جائز ہے، اور اجازت کے لئے شرعاً اتنی بات بھی کافی سمجھی جائیگی کہ محکمہ کے متعلقہ افراد یا مالکان کو علم ہونے کے باوجود؛ کردہ مقصد کے لئے استعمال کرنے میں انہیں اعتراض نہ ہو۔

(۲) مالکان کی اجازت سے اس گراؤنڈ میں نماز پڑھنے سے ان شاءاللہ عیدگاہ کا ثواب ملیگا۔

(۳) سرکاری زمین پر افسر مجاز کی اجازت سے نماز پڑھنا جائز ہے بلکہ انکی اجازت سے عیدگاہ بنانا بھی جائز ہے۔

(۴) متعلقہ مجاز حکام یا مالکان کی اجازت سے عیدین میں عیدگاہ کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے۔

(۵) عید کی نماز باہر نکل کر میدان میں پڑھنا سنت ہے، معتبر عذر کے بغیر نماز عیدین مسجد میں پڑھنا خلاف سنت ہے۔

قال فی الدر المختار:

الخروج الیھا ای الی الجبانۃ لصلوۃ العیدسنۃ وان وسعھم المسجد الجامع ھوالصحیح۔

وفی الشامیۃ: وقال بعضھم لیس بسنۃ۔

۔واللہ اعلم بالصواب:

الجواب الصحیح	شاہ محمد تفضل
بندہ محمود اشرف غفراللہ لہ	دارالافتاء دارالعلوم کراچی
دارالافتاء دارالعلوم کراچی ۱۴	۱۴۲۵/۱۱/۵ھ

۱۴۲۵/۱۱/۵

نائب مفتی دارالعلوم کراچی ۱۴

﴿دارالافتاء والارشاد کا فتوی﴾

جناب مفتی صاحب دارالافتاء والارشاد ناظم آباد کراچی

ہمارے گاؤں تورڈھیر میں جنرل بس سٹینڈ کے نزدیک تقریباً ۴۵ یا ۵۰ کنال گراؤنڈ ہے جو لوگوں نے رقوم جمع کر کے خریدی اور عوام الناس کے فائدے کے لئے وقف کردی۔ اب اسمیں لوگ کرکٹ فٹ بال وغیرہ کھیلتے ہیں بعض اوقات نماز جنازہ اور استسقاء وغیرہ بھی پڑھتے ہیں اور سیاسی جلسے وغیرہ بھی ہوتے ہیں اب اس بارے میں چند سوالات عرض ہیں

(۱) ایسے میدان میں عید کی نماز شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟

(۲) اس میں عید کی نماز پڑھنے سے عیدگاہ کا ثواب حاصل ہوتا ہے یا نہیں؟

(۳) اگر ایسی زمین سرکاری ہو اور لوگوں کو اس میں کوئی ممانعت نہ ہو تو اس صورت میں نماز عید کا کیا حکم ہوگا۔؟

(۴) جب تک مستقل عیدگاہ کا بندوبست نہ ہو تو اسکو بطور عیدگاہ استعمال کرنا کیسا ہے؟

شریعت کی رو سے جواب سے مطلع فرمائیں.

دعاء گو!

فلک زیب ولد بلند خان محلہ سینی گاؤں ڈاکخانہ تورڈھیر تحصیل چھوٹا لاہور ضلع صوابی پاکستان۔

maktabatulishaat.com

الجواب باسم ملھم الصواب

(۱،۲، ۴) جب یہ میدان عوام کے فائدے کے لئے وقف ہے اور نماز عید پڑھنا بھی انہی کا فائدہ ہے لہذا اس جگہ عید کی نماز پڑھنا درست ہے اور اس سے عیدگاہ کا ثواب ملیگا۔

(۳) جب حکومت کی طرف سے اجازت ہے تو اس میں عید کی نماز پڑھنا جائز ہے اس جگہ نماز پڑھنے سے عیدگاہ میں نماز کا ثواب ہوگا۔

ثم خروجہ ماشیا الی الجبانۃ وھی المصلی العام والخروج الیھا ای الجبانۃ لصلوۃ العید سنۃ وان وسعھم المسجد الجامع ھو الصحیح۔

قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالی: (قولہ الواجب المطلق التوجہ) ای لا التوجہ المترتب علی ما ذکر ولا المقید بالمشی ولا التوجہ الی خصوص الجبانۃ وھذا تکملۃ الجواب عن السوال المقدر (قولہ ھو الصحیح) قال فی الظھیریۃ وقال بعضھم لیس بسنۃ وتعارف الناس ذلک لضیق المسجد وکثرۃ الزحام والصحیح ھو الاول (الجبانۃ) المصلی العام ای فی الصحراء عن المغرب (رد المحتار ج ۲ ص ۱۶۹)

الجبانۃ جمع جبابین: ما استوی من الارض فی ارتفاع ولا شجر فیہ (المقبرۃ) الصحراء (المنجد ص ۷۹)

(۴) درست ہے۔

واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

الجواب الصحیح
سعید اللہ
دار الافتاء والارشاد

آفتاب احمد
دار الافتاء والارشاد کراچی
۲۹ ذیقعدہ ۱۴۲۵ھ

maktabatulishaat.com

۲۹ ذی قعدہ ۱۴۲۵ھ

الجواب الصحیح

محمد عفا اللہ عنہ

مہر دارالافتاء والارشاد کراچی

دارالافتاء والارشاد کراچی

۲۹ ذی قعدہ ۱۴۲۵ھ

ہمارے گاؤں جلبئی اور اسی طرح تورڈھیر میں لوگ نماز عیدین ادا کرنے کے لئے سرکاری گراؤنڈ کو جاتے ہیں اس پر بعض لوگوں کا اعتراض ہے کہ اس میں نماز پڑھنا صحیح نہیں اس رسالہ میں الجنۃ کی عبارت وفتوی بھی گزر چکا ہے اور یہ فتوے بھی پیش خدمت میں خدا کے لئے سوچو اور حق کا ساتھ دو. وما علینا الا البلاغ واللہ ھو الھادی والموفق للصواب.

اللھم اجعل فی قلبی نورا وفی لسانی نورا واجعل فی سمعي نورا واجعل فی بصری نورا واجعل من خلفی نورا ومن امامی نورا واجعل من تحتی نورا ومن فوقی نورا اللھم اعطنی نورا...ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم وتب علینا انك التواب الرحیم...آمین وصلی اللہ علی النبی الکریم.

میکدے میں سنبھل کر قدم رکھنا شیخ جی... یہاں پگڑی اچھلتی ہے اسے میخانہ کہتے ہیں

maktabatulishaat.com

تندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب... یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کیلئے

﴿مسائل اشاعت مع مختصر دلائل﴾

اشاعت کے ۳۲ مسائل بہترین اجمالی بحث مع الدلائل

مصنف

شیخ القرآن والحدیث محقق العصر العلامہ مولانا عبدالمقدس باچا صاحب

امیر جماعت اشاعت التوحید والسنۃ العالمیہ ضلع صوابی پاکستان حلقہ ۷

ناشر

مکتبہ: اشاعت التوحید والسنت حلقہ نمبر ۷

کمپوزر: مولانا محمد سلیمان ساجد

maktabatulishaat.com

الحمدلله الذى وعدالمؤمنين الذين يعملون الصالحات ليستخلفنهم فى الارض وليمكنن لهم دينهم الاسلام الذى ارتضى لهم وليبدلنهم من بعد خوفهم امنايعبدونه ولا يشركون به شيئاوالصلوة والسلام على النبى المبعوث بالدين القيم الذى من احدث فيه ما ليس منه فهو ردوعلى اله واصحابه وذرياته اجمعين الذين اقتداء هم الدين ومخالفتهم الضلالة.

امابعد فاعوذبالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم.

الم تر كيف ضرب الله مثلا كلمةطيبة كشجرةطيبة اصلها ثابت وفرعها فى السماء تؤتى اكلها كل حين باذن ربهاويضرب الله الامثال للناس لعلهم يتذكرون ومثل كلمةخبيثة كشجرة خبيثة اجتثت من فوق الارض ما لهامن قراريثبت الله الذين امنوا بالقول الثابت فى الحيوةالدنياوفى الاخرةويضل الله الظالمين ويفعل الله ما يشاء...(ابراهيم ٢٤ تا ٢٧).

ترجمہ: کیا آپ نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالی نے کلمہ طیبہ کی کیسی مثال بیان کی ہے یہ اس بہترین درخت کی طرح ہے جسکی جڑ زمین میں مضبوط ہواور جسکی شاخیں آسمان میں ہوں یعنی بہت اوپر چڑھی ہوں۔وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت میوے دیتا رہتا ہے۔اور اللہ تعالی لوگوں کے لئے مثال بیان کرتا ہے اس لئے کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔اور ناپاک وخبیث کلمہ اس برے اور خبیث درخت کی طرح ہے جو زمین کی

maktabatulishaat.com

اوپر سطح سے ہی اکھاڑلیا گیا ہو جس کے لئے کوئی آرام وقرار نہ ہو (اس لئے کہ مضبوط نہیں) اللہ تعالی مؤنوں کو دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں حق بات پر یعنی کلمہ طیبہ پر ثابت قدم رکھتا ہے اور ظالموں کو گمراہ کردیتا ہے اور اللہ تعالی جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

قارئین کرام کلمہ سے مراد عقیدہ لینا بھی درست ہے جیسا کہ فرمان خداوندی ہے.

قل یا اهل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا و بینکم ان لا نعبد الا الله ولا نشرك به شیئا ولایتخذ بعضنا بعضا اربابا من دون الله... (ال عمران ٦٤)

آپ کہہ دیجئے اے اہل کتاب آؤ ایک کلام ایک عقیدہ پر جمع ہوجائیں جس میں ہم اور تم دونوں برابر ہیں وہ یہ کہ اللہ تعالی کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں گے اور نہ ہم میں سے کوئی کسی کو مددگار، کارساز وحاجت روا بنا کر عبادت کریں گے۔

اس آیت کریمہ میں اہل کتاب کے عقیدہ پر ضرب ہے اور ان کے عقیدہ اور اعمال کی اصلاح کا قصد ہے۔ اور اس امت محمدیہ علی صاحبھا الف الف تحیہ کی شان ہے کہ یہ لوگوں کے عقائد واعمال کی اصلاح کریں گے ان کو شرکیات وبدعات سے منع کریں گے اور انہیں قرآن وسنت کی تلقین کریں گے جیسا کہ اللہ عزوجل کا حکم ہے۔

کنتم خیر امة اخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر...الایة...(ال عمران ١١٠).

اے اہل اسلام! تم بہترین لوگ ہو جو انسانوں کے فائدے کے لئے پیدا کئے گئے ہو تم

maktabatulishaat.com

بھلائی کا حکم کرتے رہو گے اور برائی سے منع کرتے رہو گے۔

مشہور کثر حنفی ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود النسفیؒ صاحب کنز اپنی تفسیر میں معروف ومنکر کا یوں تفسیر کرتے ہیں۔

المعروف ما وافق الکتاب والسنۃ والمنکر ما خالفھا۔ (مدارك على الخازن ج ۱ ص ۲۸۵)۔

نیکی وہ ہے جو قرآن کریم اور سنت نبوی کے موافق ومطابق ہو، اور گناہ وہ ہے جو قرآن وسنت نبویؐ کے خلاف ہو۔ معروفات کی سرفہرست معروف کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کی طرف دعوت وترغیب دینا ہے اور معاصی میں سرفہرست معصیت شرک وبدعت کا رد کرنا ہے تو خیرامت کا کام قرآن وسنت کی طرف دعوت وترغیب دینا ہے اور شرکیات وبدعات سے لوگوں کو منع کرنا ہے اور اس سے بہتر عمل اور کوئی نہیں۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے۔

ومن احسن قولا ممن دعا الی اللہ وعمل صالحا وقال اننی من المسلمین ولا تستوی الحسنۃ ولا السیئۃ ادفع بالتی ھی احسن فاذا الذی بینك وبینہ عداوۃ کانہ ولی حمیم وما یلقھا الا الذین صبروا وما یلقھا الا ذو حظ عظیم۔ (حم سجدہ ۳۳ تا ۳۵)۔

اور اس آدمی سے زیادہ بہتر بات والا اور کون ہو سکتا ہے جو لوگوں کو اللہ تعالی کی کتاب قرآن کریم کی طرف بلاتا ہے اور عمل صالح میں مصروف ہے اور یہ کہتا کہ بے شک میں

مسلمانوں میں سے ہوں اور نیکی اور برائی برابر نہیں ہوتی آپ برائی کو احسن طریقے سے جو (کلام الٰہی اور سنت نبوی ہے) دفع کریں۔تو آپ اور جس آدمی کے درمیان دشمنی ہے، (آپ دیکھیں گے کہ) وہ گویا کہ آپکا مہربان دوست ہے اور یہ عادت وخصلت ان لوگوں میں پیدا ہوسکتی ہے جو صبر کرتے ہیں اور یہ عادت وخصلت صرف بڑے نصیب داروں کو حاصل ہوسکتی ہے۔

<u>حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔</u>

آپ ان آیات کی تفسیر میں یوں لکھتے ہیں:۔ومن احسن....اس میں ترغیب وترھیب اور طریق تبلیغ کا بیان ہے۔جب آپ ان معاندین اللہ تعالیٰ کا حکم نامہ قرآن سنائیں گے تو وہ شور بپا کریں گے اور خرافات بکیں گے تو آپ ان کی شرارتوں کا سختی سے جواب نہ دیں بلکہ نرمی سے سمجھائیں اور نہایت معقول اور سنجیدہ طرز اختیار کریں تا کہ وہ کم از کم اس قرآن کو سن تو لیں۔ان معاندین کی بدبختی دیکھو کہ وہ دعوت توحید ایسے احسن وافضل قول کو ٹھکراتے ہیں جسے محمد ﷺ ایسے جامع کمالات اور ناصح مشفق ان کے سامنے پیش کرتے ہیں بھلا اس شخص سے بھی کسی قول بہتر ہوسکتا ہے جو توحید باری تعالیٰ کی دعوت دے رہا ہو خود بھی اسکے مطابق عمل کرے اور اللہ تعالیٰ کا نہایت ہی فرمان بردار بندہ ہو؟ استفہام انکاری ہے یعنی اس سے بہتر کوئی نہیں۔ھو رسول اللہ ﷺ دعا الی التوحید۔(مدارک ج۳ص۷۲)۔

ولاتستوی الحسنۃ مدارات اور درشتی حسن اخلاق اور بدخلقی برابر نہیں ہیں الحسنۃ المدارات والسیئۃ الغلظۃ.(قرطبی ج۱ص

۳۱۶) جو شخص درشتی کج خوئی اور بدکلامی سے پیش آتا ہے۔اس سے نرمی خوش کلامی اور حلم اور بردباری کا سلوک کریں۔تو خواہ وہ کتنا ہی بڑا دشمن ہوگا اس کا دل نرم ہو جائے گا اور وہ (گویا) گہرا اور مخلص دوست بن جائے گا۔

واذافعلت ذلك صار عدوك المشتاق مثل الولى الشفيق (بیضاوی). لیکن یہ حقیقت وخوصرف ان لوگوں کونصیب ہوتی ہے جو حوصلہ منداور حلیم الطبع ہوں اور تزکیہ نفس کی عظیم دولت سے وافر حصہ پا چکے ہوں۔(جواہرالقرآن ج ۳ ص ۱۰۷۳،۱۰۷۳)۔

قارئین کرام اسی طرح دین کی خدمت ۱۹۸۳ء سے لیکر آج ۲۰۱۰ء تک شروع ہے اللہ تعالیٰ اس کو مزید جاری وساری رکھے اور لوگوں کی اصلاح عقائد واعمال کا سبب بنائے آمین وصلی اللہ علی النبی الکریم۔اسی خدمت ہمیشہ مبتدعین نے رخنے اور رکاوٹیں ڈالی ہیں اور ڈالتے رہے ہیں۔لیکن اللہ تعالیٰ ان کے شروفساد سے حفاظت فرماتے ہیں۔كلما اوقدوا نارا للحرب اطفأ الله ويسعون فى الارض فسادا. ہر بار کہ جب جنگ کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ تعالیٰ اسے بجھا دیتا ہے اور زمین میں فساد (بدعات) پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔بارہا مناظرے کی دعوت دی ہے اور ہر بار ہم نے اپنے مسائل لکھ کر پیش کئے ہیں کہ ان مسائل میں جو تسلیم کرتے ہو ان کے صحیح ودرست ہونے کا اقرار واعلان کیجئے اور جو نہیں مانتے اس پر بحث کے لئے کچھ شرائط کے تحت تیار ہو جاؤ چونکہ وہ شرائط ایسی ہوتی ہیں جن میں شروفساد کا کافی حد تک سد باب تھا۔ان میں بعض درج ذیل ہیں۔

maktabatulishaat.com

(۱)......مسائل کا اثبات دلائل اربعہ سے ہوگا۔

۱:۔قرآن،

۲:۔حدیث نبوی،

۳:۔اجماع،

۴:۔قیاس صحیح،

کسی عالم کا قول یا اسکی کتاب تائید ہوسکتی ہے دلیل نہیں ہوسکتی۔

(۲)......پیش کردہ حدیث کی سند پر کلام ہوگا کہ صحیح ہے یا ضعیف اور موضوعی۔

(۳)......اگر کوئی مسئلہ کتاب میں ہو اور دلائل اربعہ میں سے اس پر کوئی دلیل نہ ہوتو اس پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

(۴)......بحث ان مسائل میں ہوگی جو درج ذیل ہیں۔ان مسائل میں جو اتفاقی ہیں پہلے ان پر دستخط ثبت کرنا اور انکا اعلان لاؤڈ سپیکر پر کرنا ضروری ہے اس کے بعد اختلافی مسائل پر بحث ہوگی۔

(۵)......دوسرے مسئلے پر بحث تب ہوگی جب پہلے مسئلے کا فیصلہ ہو جائے نہ خلط بحث ہوگی نہ خروج از بحث۔

(۶)......حکم (ثالث) ضروری ہوگا اور وہ بھی غیر جانب دار شخص ہوگا۔

(۷)......ایک ایک مناظر ہوگا اور دو دو یا تین تین معاونین ہوں گے۔

(۸)......مناظرہ غیر جانب دار جگہ پر ہوگا۔

(۹)......بحث ایک بند کمرے میں ہوگی ہر ایک مناظر کے لئے علیحدہ

maktabatulishaat.com

لاؤڈ سپیکر ہوگا ہر ایک مناظر دس دس منٹ بحث کرے گا اور اسکے بعد خاموش بیٹھ کر دوسرے مناظر کی بحث سنے گا۔

(۱۰)......تاریخ مقرر کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کیونکہ مناظرے کا چیلنج آپ کی طرف سے دیا گیا ہے۔

(۱۱)......غرض وغایت صرف اللہ کی رضا ہوگی نام ونمود مقصد نہ ہوگا۔

(۱۲)......ٹیپ ریکارڈ بھی موجود ہوگا۔

(۱۳)......گاؤں کے علماء کرام سے بھی دستخط لئے جائیں گے۔ کہ انکی کامیابی آپ کی کامیابی ہوگی اور انکی ناکامی آپ کی ناکامی تصور ہوگی ہم بھی اپنے ساتھیوں کے دستخط دیں گے اور گاؤں کے سربراہان بھی گواہی کے دستخط کریں گے۔

توان شرائط کے تحت ابھی تک کوئی مناظرے کے لئے تیار نہیں ہوا ہے اور نہ انشاء اللہ العزیز کبھی تیار ہوگا۔ لیکن اس مرتبہ اب انہوں نے لاؤڈ سپیکر بند کرنے میں ایڑھی چوٹی کا زور لگایا اور گاؤں کے اصلاحی جرگہ کو مجبور کر کے بائی مسجد جلبئی میں فیصلہ کرنے کے لئے جمع کیا اور انہوں نے درج ذیل فیصلہ کیا جس کا نقل کچھ یوں ہے۔

﴿معاہدہ مابین فریقین﴾

آج بمورخہ ۰۹/۴/۱۷، بوقت ۱۲ بجے بعد از نماز ظہر رجمعہ شریف ایک مجلس زیر اہتمام اصلاحی جرگہ جلبئی منعقد کیا گیا جس میں دونوں فریقین کو تاکید کی گئی کہ وہ آئندہ کے لئے ایک دوسرے کو برے ناموں سے نہیں پکاریں گے اور جرگہ میں جو بھی فیصلہ ہوگا اس کو قبول ومنظور ہوگا۔

maktabatulishaat.com

جرگہ میں ذیل فیصلہ ہوا

(۱)......لاؤڈ سپیکر پر مکمل پابندی ہوگی جمعہ سمیت وعظ ونصیحت کے لئے لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کی جائے گی (فواسفی والی اللہ المشتکی اناللہ وانا الیہ راجعون۔ یہ جرگہ والے کل اللہ کے دربار میں جواب دہ ہوں گے خدا جانے کل کیا جواب دیں گے کیا اصلاح اسی کا نام ہے؟ اللہ انہیں صحیح توبہ تائب ہونے کی توفیق عطا فرمائے وماذلک علی اللہ بعزیز عبدالمقدس) تاہم اعلان وغیرہ پر پابندی نہ ہوگی اور نہ ہی آذان پر پابندی ہوگی۔

(۲)......یہ کہ جو بھی اختلافی مسائل ہیں وہ ہر فریق اپنی طرف سے لکھ کر جرگہ کے حوالے کرے گا اور اسی طرح دوسرا فریق بھی۔ اور جرگہ اس کو مناسب مدرسہ بھیج کر فیصلہ کرے گا یعنی دارالعلوم دیوبند۔

قارئین کرام تو اسی بار ہم نے اپنے بتیس (۳۲) مسائل دو تین دلائل کے ساتھ لکھ کر اس اصلاحی جرگے کے ایک فرد شوکت خان ایڈوکیٹ کو دے دیے۔ لیکن ایک سال پورا ہونے کے باوجود انہوں نے کوئی حل نہیں نکالا اور لاؤڈ سپیکر ابھی تک بند ہیں کیا اصلاح اسی کا نام ہے؟ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ آج ۱۸/۵/۲۰۱۰ ہے ایک سال گزرنے کے باوجود ان کو اپنی سستی اور کاہلی کا احساس تک نہیں ہوا کہ نہ ہم نے دوسرے فریق سے ان کے مسائل بمع دلائل کے طلب کئے اور نہ ہم نے ان کو دارالعلوم دیوبند کو بھیجا کم از کم ان کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنی تو ضروری ہے۔ میں اپنے وہ مسائل جو کہ ہم نے اصلاحی جرگہ کے ایک فرد کو حوالہ کئے ہیں رسالہ کی شکل میں ہر کسی کے سامنے پیش کرتا ہوں ہر طالب حق جو اپنی اصلاح کی فکر میں ہو چاہیے کہ ان مسائل کو علماء حق کے سامنے پیش

maktabatulishaat.com

کر کے ان سے استفتاء کرے کہ یہ مسائل حق ہیں یا باطل ہیں اور اللہ تعالی ہر کسی کو سچ گوئی اور حق گوئی کی توفیق دے آمین وصلی اللہ علی النبی الکریم، کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

یاایھاالذین امنو اتقوااللہ و کونو مع الصادقین...(توبہ ۱۱۹)

اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور سچ گوؤں کے ساتھ بنو۔ اور فرمان محمدی ﷺ ہے کہ

لاینجیکم الاالصدق...(بخاری ج۱ ص۴۹۳)

تمہیں صرف سچ گوئی نجات دلاسکتی ہے۔ اور حجرت کعب بن مالکؓ کی روایت ہے کہ

انی لاانجوالابالصدق..وان اللہ انما انجانی بالصدق... (بخاری ج۲ ص۶۳۶،مسلم ج۲ ص۳۶۲ ،ابوداود،ترمذی ،ابن ماجہ ،سنن دارمی ،مؤطاامام مالک ،مسنداحمدوغیرہ.

کہ مجھے صرف سچ نجات دلاتی ہے۔ اور میں نے صرف سچ بولنے سے نجات حاصل کی۔ تو علماء حق اور مفتیان صاحبان کو بھی خدا شاہد ہے کہ صرف سچ گوئی نجات دلاسکتی ہے۔ وہ مسائل درج ذیل ہیں انشاء اللہ آئندہ بھی یہ ہر کسی کو حق معلوم کرنے میں نافع مسک ہونگے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علیناانک انت التواب الرحیم.وصلی اللہ علی النبی الکریم.

مسئلہ (۱)......عالم الغیب صرف اللہ کی ذات ہے۔ اور کوئی نہیں۔

maktabatulishaat.com

(۱)......قل لا یعلم من فی السموٰت ولارض الغیب الااللہ ومایشعرون ایان یبعثون... (النمل ۲۵).

(۲)......وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا الا ھو...(الانعام: ۵۹).

(۳)......وعن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت من حدثك ان محمدارای ربہ فقد کذب وھویقول لاتدرکہ الابصار ومن حدثك انہ یعلم الغیب فقد کذب وھو یقول لایعلم الغیب الااللہ... (بخاری ج ۱۴۱۰،۸۹۰،مسند احمد جلد۲ ص ۵۸،۵۲).

مسئلہ(۲)......اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کسی ذات کو بغیر ظاہری اسباب کے نفع ونقصان کا مالک ماننا شرک ہے۔

(۱)......وان یمسسك اللہ بضر فلا کاشف لہ الا ھو....(الانعام۱۷).

(۲)...... وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ.....فقال یا بنی کعب بن لوی انقذوا انفسکم من النار...یافاطمہ انقذی نفسك من النارفانی لا املك لکم من اللہ شیئا...(مسلم ج۱ ص ۱۱٤،بخاری ج۲ ص ۸۰،نسائی ج۲ ص ۳۳۳،مسند احمد ج۲ ص ۳۳۳،۳۶۰،۵۱۹،سنن دارمی،۸۹۸).

مسئلہ(۳)......ہروہ عمل یاچیز جس کو شریعت عبادت کہتی ہے کسی اور کے حق میں کرنا شرک ہے۔

(۱)......قل ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین...(الانعام۱۶۲).

maktabatulishaat.com

(۲)......ولقد ارسلنا نوحا الی قومه انی لکم نذیر مبین ان لاتعبدوا الاالله ...(هود۲۶).

(۳)......وعن ابی الطفیل ان علیارضی الله عنه اخرج صحیفةفیهالعن الله من ذبح لغیر الله... (مسلم ض۲ ص۱۶۰،۱۶۱،نسائی ج۲ ص ۲۰۷،مسند احمد،ج۱ ص۱۱۸،۱۵۲).

مسئلہ(۴)...اولیاءاللہ جب دنیا سے رخصت ہوتے ہیں تو قیامت سے پہلے انکے بارے میں یہ خیال کرنا کہ بارگاہ الٰہی میں سفارش یاشفاعت کرسکتے ہیں،شریعت سے ثابت نہیں؟

(۱)......ویعبدون من دون الله مالا یضرهم ولاینفعهم ویقولون هئولاء شفعاء عندالله..(یونس۱۸).

(۲)......عن انس بن مالك قال قال رسول الله ﷺ انا اول الناس یشفع فی الجنة...(مسلم ج۱ ص۱۱۲).

مسئلہ(۵)...اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کے نام پر نذرونیاز دینا حرام ہے۔

(۱)......انما حرم علیکم المیتةوالدم ولحم الخنزیروماأهل به لغیر الله...(البقره۱۷۳،المائده۳،الحج۳۰).

(۲)......عن عبد الله بن عمر رضی الله عنهماان النبی ﷺ لقی زیدبن عمروبن نفیل باسفل بلدح قبل ان ینزل علی النبی ﷺ الوحی فقدمت

maktabatulishaat.com

الی النبی ﷺ سفرۃ فابی ان یاکل منہا ثم قال انی لست اکل مما تذبحون علی انصابکم ... (بخاری ج۱ ص۵۳۹، ۸۲۷،۵٤۰ مسند احمد ج۲ ص۶۹،۸۹،۱۲۸).

(۳)......واعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام ....فھو بالاجماع باطل وحرام .(الدر المختار ج۲ ص۱۳۹).

مسئلہ(۶)......اللہ کے علاوہ کسی اور ہستی کو غائبانہ پکارنا اور مدد طلب کرنا شرک ہے۔

(۱)......ایاك نعبد و ایاك نستعین..(الفاتحہ)

(۲)......قل من ینجیکم من ظلمات البر والبحر تدعونه تضرعا وخفیة لئن انجانا من ھذہ لنکونن من الشاکرین قل اللہ ینجیکم منھا ومن کل کرب ثم انتم تشرکون...(الانعام ۶۳،۶٤).

(۳)......عن ابن عباس رضی اللہ عنہ .....واذا سألت فسأل اللہ واذا استعنت فاستعن باللہ...(الترمذی ج۲ ص۷۸،مسند احمد ج۱ ص۲۹۳،۳۰۳،۳۰۷).

مسئلہ(۷)......اللہ تعالی کے علاوہ مافوق الاسباب کسی اور کو خیر و برکت ڈالنے والا ماننا شرک ہے۔

(۱)......تبارك الذی نزل الفرقان علی عبدہ...(الفرقان ۱).

(۲)......فتبارك اللہ احسن الخالقین...(المؤمنون ۱٤).

maktabatulishaat.com

(۳)......تبارك الذى بيده الملك...(الملك ۱).

(٤)......عن صخر الغامدى رضى الله عنه عن النبى ﷺ اللهم بارك لامتى فى بكورها...(ابوداؤد ج۱ ص۳۵۷،۳۵۸)

(٥)......عن ابن مسعود رضى الله عنه......قال حى على الطهور المبارك ولبركة من الله ... (بخارى ج۱ ص۵۰۵،الترمذى ج۲ص ۲۰۴ سنن دارمى ص۳٤).

مسئلہ(۸)......یہ عقیدہ رکھنا کہ ارواح اولیاء کرام، عالم میں تدبیر کرتی ہیں اور نظام عالم چلاتی ہیں۔یہ عقیدہ شرک ہے۔

(۱)......قل من يرزقكم من السماء والارض ام من يملك السمع والابصار ومن يخرج الحى من الميت ومن يخرج الميت من الحى ومن يدبر الامر..(يونس ۳۱).

(۲)......يدبر الامر من السماء الى الارض...(الم سجده ٦).

(۳)......ولله ما فى السموت وما فى الارض وكفا بالله وكيلا... (نساء ۱۳۲).

(٤)......عن ابن كعب بن مالك عن ابيه ان رسول الله ﷺ قال ان ارواح الشهداء فى طير خضر تعلق من ثمر الجنة اوشجرة الجنة..(الترمذى ج۱ ص۲۹۳).

(٥)......عن مسروق قال سألنا عبدالله....فقال ارواحهم فى جوف

maktabatulishaat.com

طیر خضر .....ثم تأوی الی تلك القنادیل...(مسلم ج۲ ص ۱۳۵ الترمذی ج۲ ص ۱۳۰، ۱۳۱، ابن ماجه ۲۰۱).

مسئلہ (۹)......مروجہ حیلہ اسقاط جسمیں غریب اور یتیم کا مال تقسیم کیا جاتا ہے غنی اور امیر کو دیا جاتا ہے اسکا کھانا حرام ہے اور مروجہ طریقہ بدعت ہے۔

(۱)...... ان الذین یأکلون اموال الیتمی ظلما انما یأکلون فی بطونهم نارا...الایة(نساء ۱۰).

(۲)......عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال لا ترتکبوا ما ارتکبت الیهود فتستحلوا محارم الله بادنی الحیل.... (ابن کثیر ج۲ ص ۲۵۷).

(۳)...... ہر حیلہ اسقاط ناجائز ہے۔جواب صحیح ہے اور حیلہ اسقاط مروجہ عوام زمانہ بلاشبہ بدعت ہے اولا اسلئے کہ اگر یہ کوئی کار خیر ہوتا تو نبی کریم ﷺ اور اصحاب کرامؓ اس کے لئے زیادہ احق تھے...(امداد المفتیین ص ۹۵ مفتی محمد شفیعؒ)۔

مسئلہ (۱۰)......میت کے گھر میں جمع ہونا اور وارثوں کا ایام مخصوصہ میں روٹی اور طعام کا بندوبست کرنا مکروہ اور بدعت ہے۔

(۱)......عن جریر بن عبداللهؓ قال کنا نری الاجتماع الی اهل المیت و صنعة الطعام من النیاحة...(ابن ماجه ۱۱۶).

(۲)......اور فتاوی بزازیہ میں ہے "یکره اتخاذ الطعام فی الیوم الاول والثالث وبعد الاسبوع"

maktabatulishaat.com

(۳)......اور امام نوویؒ کی شرح منہاج میں ہے "واطعام الطعام فی الایام المخصوصة کالثالث والخامس والتاسع والعاشر والعشرین والاربعین والشهر السادس والسنة بدعة...(امدادالمفتیین ج ۲ ص ٦١).

(۴)......صد افسوس کہ بڑے بڑے عمامہ بردار مولوی بھی اس قبیح ترین بدعت میں مبتلا ہیں...(راہ سنت ص ۲٦١،۲٦۴...طبع ہشتم ۲۳۱،۲۳۴)۔

مسئلہ (۱۱)...برائے ایصال ثواب میت قرآن کریم پڑھنا صحیح ہے۔لیکن اس پر اجرت لینا اور دینا حرام ہے نہ مردے کو ثواب پہنچتا ہے نہ پڑھنے والے کو۔

(۱)......ولاتشتروا بایاتی ثمنا قلیلا...(البقره ٤١).

(۲)......قال تاج الشریعة فی شرح الهدایة ان القرآن بالاجرة لایستحق الثواب لا للمیت ولا للقاری،الأخذو المعطی کلاهما اثمان ،واذالم یکن للقاری ثواب لعدم النیة الصحیحة فاین یصل الثواب الی المستأجر...(شامی کتاب الاجرة،فتاوی مفتی محمود ۱٥٩،١٦٠).

مسئلہ (۱۲)......زکوۃ،اسقاط اور سرمایہ اگر مالدار کو دیا جائے تو وہ اس سے بری الذمہ نہیں ہوجاتا دوبارہ دینا پڑے گا اور مالدار نے حرام لیا۔

(۱)......عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ تؤخذ من اغنیاء هم وترد الی فقراء هم ..(بخاری ج۱ ص ۲۰۳،نسائی ج ۱ ص ۳۳۰،ابن ماجه ۱۲۸،مسلم ج ۱ ص ۳٦،ابوداؤد ج ۱ ص ۲۳۰،الترمذی ج ۱ ص ۱۳٦ سنن دارمی ٤٦٩).

maktabatulishaat.com

(۲)......مصرف زکوۃ وصدقہ فطر اور قیمت چرم قربانی ایک ہے یعنی جن لوگوں کو زکوۃ دینا درست نہیں ہے انکو صدقہ فطر اور قیمت چرم قربانی دینا بھی درست نہیں ہے...(فتاوی دارالعلوم دیوبند ج ۲ ص ۳۲۸)۔

مسئلہ (۱۳)...قبروں کو پختہ کرنا اور اس پر گنبد بنانا بدعت ہے۔

(۱)......عن جابر رضی الله عنه قال نهی رسول الله ﷺ ان يجصص القبر وان يبنى عليه... (مسلم ج۱ ص ۲۱۳، الترمذی ج ۱ ص ۲۰۳، نسائی ج ۱ ص ٤٨٤، ابن ماجه جلد ١١٢، مسند احمد ج ۳ ص ٢٩٥، ٣٣٢، ٣٩٩، ج ٦ ص ٢٩٩).

(۲)......قبر بنانا یا مکان میں دفن کرنا سوائے انبیاء کے اور کسی کو جائز نہیں۔ شامی میں ہے''

وعن ابی حنیفةؒ یکره ان یبنی علیه بناء من بیت او قبة او نحو ذالك لما روی جابر نهی رسول الله ﷺ عن تجصیص القبور وان یکتب علیها وان یبنی علیها رواه مسلم ...(فتاوی دارالعلوم دیوبند ج ٥ ص ٣٩٥).

مسئلہ (۱۴)...نماز جنازہ کے بعد اور دفن سے پہلے بہیئت اجتماعی دعا کرنا بدعت ہے اور دفن میں تاخیر کرنا خلاف سنت اور مکروہ ہے۔

(۱)......عن ابی هریرةؓ عن النبی ﷺ قال اسرعوا بالجنازة.. (بخاری ج۱ ص ۱۸٦، مسلم ج ۱ ص ۳۰۷، ترمذی ج ۱ ص ۱۹٦، ابو داؤد ج ۱ ص ۹۷، النسائی ج ۱ ص ۲۷۰، ابن ماجه ۱۰٦، موطا امام مالکؒ ص ۱۵٤).

(۲)......نماز جنازہ کے بعد دعا مشروع نہیں ہے... (فتاوی دیوبند ج ۵ ص ۳۰۵)۔

maktabatulishaat.com

(۳)......اور ثابت نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بعد صلوۃ جنازہ دعا کی ہو...(فتاوی دیوبند ج ۵ ص ۳۰۰)۔

مسئلہ (۱۵).....اعمال صالحہ سے وسیلہ پکڑنا اور اسی طرح کسی کے دعا کیساتھ وسیلہ پکڑنا جائز و ثابت ہے اور وسیلہ بالذوات الفاضلہ غیر ثابت اور بدعت ہے۔

(۱)......یاایها الذین امنوا اتقوا الله وابتغوا الیه الوسیلة وجاهدوا فی سبیله....(المائده ۳۵).

من فعل الطاعات وترك السیئات.....(خازن ج۱ ص ٤۹۱ ،مدارك علی خازن ایضا)،

من فعل الطاعات وترك المعاصی.....(الکشاف ج۱ص ٦۱۰ ،ابو سعود، ج۳ ص۳۲ ،روح المعانی ج٦ ص ۱۲٤..وغیرها)....قالوا ادع لنا ربك .....(البقره).

(۲)......عن سالم بن عبدالله عن ابیه عن عمرؓ قال استأذنت النبی ﷺ فی العمرة فاذن لی وقال لاتنسانایا اخی من دعائك... (ابو داؤد ج۱ ص ۲۱۷ ،الترمذی ج۲ ص۱۹٦ ،ابن ماجه ۲۰۸).

(۳)......عن ابن عباس هذه المرأة السوداء اتت النبی ﷺ فقالت انی اصرع وانی اتکشف فادع الله لی....فادع الله الا اتکشف فدعا لها...(بخاری ج۲ ص ۸٤٤ ،مسلم ج۲ ص۳۱۹ ،مسند احمد ج۱ ص۳٤۷).

(٤)......عن اسید بن جابرؓ...... یقال له اویس.......فمن لقیه منکم

maktabatulishaat.com

فليستغفر لكم ... (مسلم ج١ ص٣١١)

(٤)......قال العلامه الالوسیؒ فی روح المعانی ...وتحقيق الكلام فی هذاالمقام ان الاستغاثةبمخلوق وجعله وسيلةبمعنى طلب الدعاء منه لاشك فی جوازه ان كان المطلوب منه حيا....وانه من البدع التی لم يفعلها احدمن السلف.... (روح المعانی ج٢ ص١٢٥)......پھر لکھتے هيں......وانت تعلم ان الادعية المأثورة من اهل البيت الطاهرين وغيرهم من الائمةليس فيها التوسل بالذات المكرمه ﷺولو فرضنا وجود ما ظاهره ذالك فمؤل بتقديرمضاف....فيكون التوسل والتوجه فی الحقيقةبدعائه وشفاعته وذالك مما لامحذور فيه ... (روح المعانی ص١٢٦،١٢٧).

مسئلہ(١٦)....درود تاج میں دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم ....موھم شرک ہے یعنی اس سے شرک کی بوآتی ہے۔

(١)......وان يمسسك الله بضر فلا كاشف له الا هو... (الانعام ١٧).

(٢)......عن ابی هريرةؓ .....فقال يا بنی كعب بن لوئی انقذوا انفسكم من النار فانی لا املك من لله شيئا .... (بخاری ج٢ ص٧٠٢،مسلم ج١ ص١١٤،الترمذی ج٢ ص١٥٣ النسائی ج٢ص١٢١).

(٣)......آنچہ درود تاج کہ بعض جہلاء بیان کنند غلط است...(فتاوی رشیدیہ ص٢٥٧)۔

(٤)......درود تاج کا وظیفہ پڑھنا بدعت اور گمراہی ہے...(فتاوی رحیمیہ ج٢ ص٣٨،٨٢)۔

maktabatulishaat.com

مسئلہ (۱۷)......اولیاء کرام کے قبروں پر عرس کرنا بدعت ہے۔

(۱)...... جملہ افعال مذکورہ بدعات وسیئات ہستند کہ در خیر القرون نشانے واثرے ثابت نتواں بلکہ بسیارے از۔نہا از منہیات شرعیہ صریحہ وصحیحہ است بناء علیہ ارتکاب چیزے از۔نہا ناجائز وگناہ عظیم است لقولہ علیہ السلام من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ فھو رد...(امداد المختین ص ۷۹)۔

(۲)......اور عرس کے باب میں بھی جواب یہ ہے کہ منع ہے۔اربعین میں مولانا ممدوح لکھتے ہیں مقرر ساختن روز عرس جائز نیست در تفسیر مظہری مینو یسند...لایجوز مایفعلہ الجھلاء بقبور الاولیاء والشھداء من السجود والطواف حولھا واتخاذ السرج والمساجد ومن الاجماع بعد الحول کالاعیاد ویسمونہ عرسا انتھی...(فتاوی رشیدیہ ص ۴۳۰)۔

مسئلہ (۱۸)......سنت کے بعد بہیت اجتمائیہ دعا مانگنا اور ثواب جاننا بدعت ہے۔

(۱)......عن عبداللہ بن شقیق قال سالت عائشۃ عن صلوۃ رسول اللہ ﷺ فقالت کان یصلی فی بیتہ قبل الظھر اربعا ثم یخرج فیصلی بالناس الظھر ثم یدخل فیصلی رکعتین.....ویصلی بالناس المغرب ثم یدخل فیصلی رکعتین ثم یصلی بالناس العشاء ثم یدخل بیتی فیصلی رکعتین ....(مشکوۃ ۱۰۳،مسلم ج ۱ ص ۲۵۲،ابوداؤد ج ۱ ص ۱۸۵)۔

(۲)......سنت اور نفل کے بعد اجتمائی طور پر دعاء مانگنے کا طریقہ آنحضرت ﷺ کے

maktabatulishaat.com

زمانے میں تھا نہ صحابہ کرام کے زمانہ میں، اسلئے اسے سنت و مستحب سمجھنا صحیح نہیں ہے۔ اسکے رسالہ "نفائس مرغوبہ" میں میں نے پوری تفصیل لکھ دی ہے۔ اسے ملاحظہ کیا جائے۔۔۔۔(کفایۃ المفتی ج ۳ ص ۳۲۹)۔

(۳)۔۔۔۔۔ یہ امر بھی سنت سے ثابت نہیں لھذا بدعت ہے اسکو ترک کیا جائے۔۔۔۔۔ قال علیہ السلام من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد الحدیث۔۔۔(فتاوی دار العلوم دیوبند ص ۱۷۶، ۱۷۷)۔

مسئلہ (۱۹)۔۔۔۔۔ بروز عیدین نماز عید کے بعد بوجہ عید مصافحہ و معانقہ ثواب کے طور پر بدعت ہے اور رواج کے طور پر گناہ ہے۔

(۱)۔۔۔۔۔ عیدین کی تخصیص سے بعد نماز عید مصافحہ و معانقہ کرنا بدعت ہے۔ شریعت میں اسکی کوئی اصل نہیں۔۔۔(کفایۃ المفتی ج ۹ ص ۴۴)۔

مسئلہ (۲۰)۔۔۔۔۔ قبر میں اذان دینا بدعت ہے،

(۱)۔۔۔۔۔ وقت دفن میت کے آذان کہنا بدعت ہے۔ اول سلف سے منقول نہیں ہے۔۔۔ (عزیز الفتاوی ص ۹۹، ۱۰۵، ۲۰۶)۔

مسئلہ (۲۱)۔۔۔۔۔ قضائے عمری بدعت ہے۔

(۱)۔۔۔۔۔ اسکی کچھ اصل نہیں ہے اور اس ترکیب سے نفل پڑھنے میں قضائے عمری حاصل نہیں ہوتی۔ اول تو خود قضائے عمری کی کچھ اصل نہیں ہے۔ بلکہ فقہاء نے اس کو مکروہ لکھا ہے۔ اور ثانیا اس ہیئت اور کیفیت کیساتھ پڑھنا قضائے عمری کیلئے ثابت

maktabatulishaat.com

نہیں ہے.... (فتاوی دارالعلوم دیوبند ج ۴ ص ۳۳۰)۔

(۲)...... تو یہ بدعت اور بے اصل ہے شریعت مطہرہ میں اسکی کوئی اصل نہیں ہے.... (کفایۃ المفتی ج ۳ ص ۲۸۱)۔

مسئلہ (۲۲)...... رمضان المبارک کی تیسویں شب کو سورۃ عنکبوت اور روم پڑھنا بدعت ہے۔

(۱)...... قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور سننا بیشک ثواب اور باعث خیر و برکت ہے لیکن اوقات کی تعین کرنا اور معین سورتوں کو لازم سمجھنا اور نہ پڑھنے والوں پر نکیر کرنا زیادۃ فی الدین اور بدعت ہے۔ لہذا اس سے اجتناب کیا جائے ...(فتاوی مفتی محمود ج ۲ ص ۴۹۲، ۴۹۳)۔

(۲)...... بے اصل اور بدعت ہے شریعت مقدسہ میں اسکا کوئی ثبوت نہیں...(فتاوی حقانیہ ج ۲ ص ۸۵ کتاب البدع والرسوم)۔

مسئلہ (۲۳)...... ماہ صفر کے آخری بدھ کو چوری کرنا اس خیال سے کہ اس دن حضور ﷺ کو مرض سے شفاء ملی تھی اور صحابہ کرامؓ اور اہل بیت نے خوشی میں دعوتیں کی تھیں، یہ غلط اور من گھڑت ہے۔

(۱)...... یہ غلط اور من گھڑت ہے اسلئے ناجائز اور گناہ ہے...(احسن الفتاوی ج ۱ ص ۳۶۰ باب رد البدعات)۔

(۲)...... شرعاً اس باب میں کچھ بھی ثبوت نہیں۔ جہلاء کی باتیں ہیں....(فتاوی رشیدیہ ص ۱۴۴)۔

maktabatulishaat.com

مسئلہ (۲۴)......شادی سے پہلے ولیمہ خلاف سنت ہے۔

(۱)......عن ابراهيم بن سعد عن ابيه عن جده قال قال عبدالرحمان بن عوف لما قدمنا المدينة.. فما لبث ان جاء عبدالرحمان عليه اثر صفرة......فقال له النبی ﷺ ولم ولو بشاة...... (بخاری ج۱ ص۲۷۵، ج۲ ص ٥٣٤، ٧٨٩، ٧٧٦، ٧٧٧، ٨٩٨، مسلم ج۱ ص٤٥٨، ابوداؤد ج۱ ص ٢٩٤، مؤطا امام مالك، ص ٣٣٣، مسند احمد، ج٣ ص ١٦٥، ١٩٠، ٢٧١).

(۲)......ولیمہ کی دعوت اجتماع زوجین کے بعد کھلائی جائے، دولہا، دولہن ملے اس روز صبح یا دوسرے دن.... یا کچھ کھانا پکا کر کھلا دیں۔

مسئلہ (۲۵)......انبیاء علیہم السلام بحیات برزخیہ حیات ہیں انکی حیات دنیویہ عنصریہ نہیں ہے۔

(۱)......ولا تحسبن الذين قتلوا فی سبيل الله امواتا بل احياء عندربهم يرزقون... (العمران ١٦٩).

(۲)......ولا تقولو لمن يقتل فی سبيل الله اموات بل احياء ولكن لاتشعرون.... (البقره ١٥٤).

(۳)......عن عروة عن عائشةؓ انها سمعت النبی ﷺ ....والحقنی بالرفيق الاعلى.. (بخاری ج۲ ص٦٣٩).

وفی روايةو الحقنی بالرفيق الاعلى...

(بخاری ج۲ ص٨٤٧، مسلم، ٢٨٦، الترمذی ج ٢ ص ١٨٧، مؤطا امام مالك ١٥١، مسند

احمد ج ٦ ص ٢٧٤،٨٩).

(۴)......اور رفیق اعلیٰ وہی مقام ہے جہاں انبیاء علیہم السلام رہتے ہیں دیکھئے ...
(مرقات ج ۱۱ص ۲۳۹،التعلیق الصبیح ج ۷ص ۲۲۵،مظاہر حق ج ۵ص ۵۸،کتاب الروح ص ۱۳۲)۔

(٥)......وفي بحر الكلام للنسفي الارواح على اربعة اوجه ارواح الانبياء تخرج من جسدها مثل المسك والكافور وتكون في الجنة...(شرح الصدور ١٠٤).

(٦)......فان قلت ان النبي ﷺ حي في القبر....قلنا فتلك حياة اخرى لامن جنس الحيوة الدنيوية فهو ميت باعتبار هذه الحيوة الدنيوية حي بتلك الحيوة البرزخية المغائرة لهذه الحيوة...(اعلاء السنن ج ١٧ ص ٢٦٧).

(٥)......فان نبي الله حي في قبره.. ...اس حیات سے مراد ناسوتی نہیں وہ دوسری قسم کی حیات ہے جسکو حیات برزخیہ کہتے ہیں...(اشرف الجواب ص ۲۳۸)۔

(٦)......مرنے کے بعد تو روح کیلئے ایک جسم مثالی ہوگا اور آخرت میں جو جسم ہوگا وہ یہی ہوگا جو دنیا میں ہے....(اشرف الجواب ص ۶۱۲)۔

(٧)......وهذه الحيوة ليست دنيوية وانماهي اخروية.... (فتح الباري ج ٧ ص ٧).

(٨)...لانه بعد موته وان كان حيافهي حياة اخروية لاتشبه الحياة الدنيا...(فتح الباري ج ٧ ص ٤٠٤).

مسئلہ (۲۶)......قبروں پر غلاف ڈالنا خیر القرون سے ثابت نہیں ہے۔

(۱)......وقال ان الله لم يامرنا ان نكسوا الحجارة والطين... (مسلم ج۲ ص۲۰۰ مشکوٰۃ ۳۸۵)

(۲)......قبور پر روشنی کرنا، غلاف چڑھانا وغیرہ ممنوع و مکروہ ھے۔ (فتاوی دیوبند ج۳ ص۱۰۶)۔

مسئلہ (۲۷)......سماع موتی بمذہب امام ابو حنیفہؒ سوائے مواضع مخصوصہ کے ثابت نہیں ہے۔

(۱)......فانك لاتسمع الموتى ولاتسمع الصم الدعاء اذاولوا مدبرين... (الروم ۵۲)۔

(۲)......انك لاتسمع الموتى ولا تسمع الصم الدعاء اذا ولوا مدبرين... (النمل ۸۰)۔

(۳)......انك لاتسمع الموتى وغیرہ نصوص سے عدم سماع موتی ظاہر ھے. فان عدم الاسماع يستلزم عدم السماع وهوقول محققى الحنفية... (فتاوی دارالعلوم دیوبند ج۵ ص۴۳۸)۔

(۴)......سماع الموتی خود مختلف فیہ مسئلہ ہے۔ حنفیہ سماع موتی کا انکار کرتے ہیں اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کا یہی مذہب ہے اور آیات قرآنی اس پر دال ہیں... (فتاوی دارالعلوم دیوبند ج۵ ص۴۳۱)۔

(۵)......واستدل المنكرون ومنهم عائشة وابن عباس ومنهم الامام

بقوله تعالى انك لاتسمع الموتى فانه لما شبه الكفار بالاموات فى عدم السماع علم ان الاموات لايسمعون والالم يصح التشبيه... فالظاهر انكار السماع عندناوهو الاصح عندنا... (الكوكب الدرى شرح الترمذى ص ۳۱۹).

مسئلہ (۲۸)......اولیاء اللہ کی کرامات حق ہیں اگر چہ بعدالموت ان سے کرامات صادر نہیں ہوتیں ہاں بعدالموت آثار کرامت ہوتی ہیں۔

(۱)......كلما دخل عليها ذكريا المحراب وجد عندها رزقاقال يا مريم انى لك هذا قالت هو من عندالله.... (العمران ۳۷).

(۲)......عن انسؓ ان اسيدبن خضيروعبادبن بشر تحدثا.....ثم خرجا من عند رسول الله ﷺ ينقلبان وبيد كل واحد منهماعصية فاضائت عصا احدهما لهماحتى مشيا فى ضوء ها.. (بخارى ج۱ ص۵۳٦، مشكوة ٥٤٤ مسندا حمد ج۳ ص ۱۳۸، ۱۹۰، ۱۹۱، ۱۷۲).

(۳)......واما الجدار فكان لغلامين يتيمين فى المدينة وكان تحته كنز لهما وكان ابوهما صالحافاراد ربك ان يبلغا اشدهماويستخرجا كنزهما رحمةمن ربك... (الكهف ۸۲).

(٤)......كانت هذيل حين قتل عاصم بن ثابت ارادوا رأسه ليبيعوه من سلافةبن شهيدفمنعه الدبر.... فبعث الله الوادى فاحتمل

maktabatulishaat.com

عاصمافانطلق

به...(حلیۃ الاولیاء ج۱ ص۱۵۶).

مسئلہ (۲۹)......مواضع مخصوصہ کے علاوہ ذکر بالجھر بدعت ہے۔

(۱)......واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفۃ ودون الجھر من القول بالغدو والاصال ولا تکن من الغافلین...(الاعراف ۲۰۵).

(۲)......عن ابی موسی الاشعریؓ قال کنا مع رسول اللہ ﷺ ......یاایھاالناس اربعوا علی انفسکم فانکم لاتدعون اصما ولا غائبا ....(بخاری ج۱ ص ۴۲۰، ج۲ ص ۶۰۵، مسلم ج۲ ص ۳۴۶، الترمذی ج۲ ص ۱۸۴، ابوداؤد ج۱ ص ۲۲۰، مسند احمد ج۴ ص ۳۹۴، ۴۹۲، ۴۰۳، ۴۰۷، صحیح ابن حبان ج۳ ص ۳۳، الترغیب والترھیب ج۲ ص ۲۵۵).

(۳)......ہر فرض نماز کے بعد اسکا التزام بدعت ومکروہ ہے۔لاریب غیر ثابت بلکہ مکروہ ہے.....(فتاوی دیوبند ص۱۰۰، ۱۰۱)۔

(۴)......فقال ابو حنیفۃؒ رفع الصوت بالذکر بدعۃ.... (البحرالرائق ج۲ ص ۱۵۹).

مسئلہ (۲۹)......عذاب قبر حق ہے للروح والبدن اور قبر عالم برزخ کا نام ہے اگرچہ عرف عام میں اس مخصوص گھڑے کو بھی قبر کہتے ہیں۔

(۱)......النار یعرضون علیھا غدوا وعشیا....(المؤمن).

(۲)......سنعذبھم مرتین ثم یردون الی عذاب عظیم...(التوبہ ۱۰۱).

maktabatulishaat.com

(۳)......عن عائشۃ.....قال نعم عذاب القبر حق...(بخاری ص ۱۸۳. نسائی ۱۹۳).

(۴)......مراد بقبر عالم برزخ است کہ واسطہ است میان دنیا و آخرت و تعلق دارد بہر دو مقام نہ آن گورے کہ مردہ را در او گور کنند....(اشعۃ اللمعات ج ا ص ۱۱۴)۔

(۵)......قبر کے تنگ اور وسیع ہونے سے ہماری یہ مراد نہیں ہے کہ یہ گھڑا کہ جسم کو جس میں چھپایا ہے وہ تنگ اور وسیع ہوتا ہے بلکہ اس عالم میں روح پر تنگی اور کشادگی ہوتی ہے دراصل قبر اسکی وہی ہے ہاں عرف عام میں اس جسم کے اعتبار سے اس گھڑے کو بھی قبر کہتے ہیں۔ابھی ہم کہ چکے ہیں کہ یہ گھڑا قبر اصلی نہیں ہے جسکو تم قبر سمجھتے ہو۔قبر عرف شرع میں اس عالم کا نام ہے...(عقائد اسلام ۱۸۰،۱۸۱)

(٦)......المراد بالقبر هھنا عالم البرزخ ....(التعلیق الصبیح ج ۲ ص ۱۷۳).

(۷)......عذاب قبر کا ثبوت ہے کتاب وسنت سے اور مراد قبر سے عالم برزخ ہے کچھ قبر کا گھڑا ہی مراد نہیں.....(مظاہر حق ج ا ص ۶۸)۔

(۸)......لیکن اس سے درحقیقت مقصود خاک کا تودہ نہیں....(سیرت النبی ج ۴ ص ۳۵۰)۔

(۹)......قبر سے مراد عالم برزخ ہے۔قبر سے وہ گھڑا مراد نہیں جس میں مردہ دفن کیا جاتا ہے...(تنظیم الاشتات ص ۹۵)۔

(۱۰).....بس اس عالم مثال ہی کا نام قبر ہے۔اب سب اشکال رفع ہو گئے کیا معنی کہ قبر سے مراد یہ محسوس گھڑا نہیں ہے....حالانکہ اصطلاح شریعت میں قبر گھڑے کو کہتے ہی نہیں۔بلکہ عالم مثال کو کہتے ہیں قبر....(اشرف الجواب ص ۶۱۳)۔

maktabatulishaat.com

مسئلہ (۳۱)...... مروجہ عید میلاد النبی ﷺ منانا بدعت ہے۔

(۱)...... مجلس مولود مروجہ بدعت ہے بوجہ خصوصیت کے بدعت ہے...(فتاوی رشیدیہ ص ۱۴۰)۔

(۲)...... یہ محفل چونکہ زمانہ فخر عالم ﷺ اور زمانہ صحابہ کرامؓ اور زمانہ تابعین اور تبع تابعین اور زمانہ مجتھدین میں نہیں ہوئی۔ لھذا یہ مجلس بدعت ضلالہ ہے...(فتاوی رشیدیہ ص ۴۰۹)۔

مسئلہ (۳۲)...... بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنا ناجائز اور مکروہ تحریمی ہے۔

(۱)...... عن مجاهد قال دخلت مع عبدالله بن عمرؓ مسجدا وقد اذن فيه نحن نريد ان نصلى فيه فثوب المؤذن فخرج عبدالله من المسجدوقال اخرج بنا من عند هذاالمبتدع ولم يصل فيه ...(الترمذی ج۱ ص ۵۰)۔

(۲)...... عن مجاهد قال كنت مع ابن عمرؓ فثوب رجل في الظهراو العصرقال اخرج بنا فان هذه بدعة...(ابوداؤد ج۱ ص۸۶، کتاب الحوادث والبدع ص ۶۹)۔

(۳)...... بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے...(فتاوی رشیدیہ ص ۶۵)۔

maktabatulishaat.com

ارادے جن کے ہوں پختہ نظر جنکی خدا پر ہو... تلاطم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

العجالۃ النادرۃ فی البحث والمناظرہ

مصنف

شیخ القرآن والحدیث جناب علامہ عبدالمقدس باچا صاحب امیر حلقہ نمبر ۷

اشاعت التوحید والسنت کے آٹھ مسائل پر ایک بہترین اور مدلل تحفہ

ناشر

مکتبہ: اشاعت التوحید والسنت حلقہ نمبر ۷

maktabatulishaat.com

الحمدلله الذی هدانا الی ملکوت السماء والارض لنسدل به علی وجوده وتفرده فی الخلق والامر فتبارك الله رب العلمین وصلی الله علی من ارسله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله ولو کره المشرکون والمبتدعون واهل الهواء الذین هم الاغبیاء العمیاء والارذلون وعلی اله واصحابه النجباء الاتقیاء علی ازواجه وذریاته اجمعین الی یوم الدین: اما بعد فاعوذبالله من الشیطٰن الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم.

الم تر الی الذی حاج ابراهیم فی ربه ان اتاه الله الملك اذ قال ابراهیم ربی الذی یحی ویمیت قال انا احی وامیت قال ابراهیم فان الله یأتی بالشمس من المشرق فات بها من المغرب فبهت الذی کفر والله لا یهدی القوم الظالمین...(البقره۲۵۸)

کیا تم نے اس شخص کو نہیں سوچا کہ جس نے ابراھیم علیہ الصلوۃ والسلام سے انکے رب کے بارے میں جھگڑا کیا (دلیل میں) اسوجہ سے کہ اللہ تعالی نے اسکو حکومت دیدی تھی جب ابراھیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا رب وہی ذات ہے جو زندگی اور موت دیتا ہے تو اس نے کہا میں بھی زندہ کرسکتا ہوں اور مار سکتا ہوں ابراھیم علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالی سورج کو مشرق سے نکالتا ہے تو اسکو مغرب سے نکال کر دکھا تو وہ کافر حیران کیا گیا اور اللہ تعالی ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

یہ آیت مناظرہ میں اصل اور دلیل ہے جیسا کہ ایک دلیل واضح سے دلیل اوضح

maktabatulishaat.com

کی طرف انتقال کیلئے بھی دلیل ہے ابراهیم علیه السلام نے دلیل ربی الذی یحی ویمیت سے نمرود کی غباوت اور جهالت کی وجه سے اوضح کی طرف انتقال کیا که ان الله یأتی بالشمس من المشرق فات بها من المغرب...هے اگر چه پهلی دلیل بهی واضح هے .

﴿امام رازیؒ لکھتے هیں﴾

والقصة الاولی مناظرة ابراهیم صلی الله علیه وسلم مع الملك فی زمانه ..(التفسیر الکبیر ج۷ ص ۲۳).

پہلا قصہ ابراہیم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے زمانے کے بادشاہ کیساتھ مناظرہ کرنا ہے۔

﴿علامہ شبیر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں﴾

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آفتاب کی دلیل پیش فرما کر اس مغرور احمق کو لا جواب کیا..(تفسیر عثمانی ص۵۴)۔

﴿مفتی محمد شفیعؒ لکھتے ہیں﴾

آپ تفسیر قرطبی کے حوالہ سے یوں لکھتے ہیں نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت مناظرہ اور مجادلہ کرنا بھی جائز ہے تا کہ حق باطل میں فرق واضح ہو جائے (قرطبی)...(معارف القرآن ج۱ ص۶۱۹)۔

﴿علامہ ابو بکر الجصاص الحنفیؒ لکھتے ہیں﴾

وهذه الایة تدل علی صحة المحاجة فی الدین واستعمال حجج

المعقول والاستدلال بدلائل الله تعالى على توحيده وصفاته الحسنى وتدل على ان المحجوج المنقطع يلزمه اتباع الحجة وترك ما هو عليه من المذهب الذى لا حجة فيه ...(احکام القرآن ج۱ ص ٤٥٥).

اور یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ دین میں مناظرہ صحیح ہے۔اور عقلی دلائل استعمال کرنا درست ہیں اور اللہ تعالی کی توحید اور اسکی صفات حسنی پر اللہ تعالی کے دلائل سے استدلال پکڑنا درست ہے اور دلالت کرتی ہے اس پر کہ دلیل میں مغلوب جس پر دلیل منقطع ہوگئی ہو اس پر دلیل کی اتباع کرنا لازم ہے اور وہ مذہب چھوڑ دے جس پر یہ گامزن تھا جس میں اسکے لئے کوئی دلیل نہیں تھی۔

مخالف سے مطالبہ دلیل

اسی طرح اللہ تعالی نے اپنے پیغمبر ﷺ کو ارشاد کیا ہے کہ ان مخالفین سے دلیل کا مطالبہ کیجئے ارشا باری تعالی ہے۔

قل ھاتو ابرھانکم ان کنتم صادقین...(بقرہ ۱۱۱ النمل ٦٤)۔

اے اللہ تعالی کے نبی فرمادیجئے کہ اپنی واضح دلیل پیش کردیجئے اگر تم سچے ہو۔اسی طرح ارشاد خداوندی ہے ...قل هاتوا برهانكم ان كنتم صادقين ... (الانبياء ص ٢٤).

دیگر آیات مناظرہ

اور بھی مناظرے کی آیات ہیں جو مناظرے پر دلالت کرتی ہیں جیسا کہ ابراہیم علیہ

السلام نے اپنے والداور اپنی قوم کے آلہ کا ایک ایک کر کے عجز ثابت کیا اور انکولا جواب کر کے خاموش کیا۔ارشاد خداوندی ہے۔

فلماجن علیہ الیل رأی کوکبا قال ھذا ربی فلما افل قال لا احب الافلین ...فلما رأی القمر بازغاقال ھذاربی فلما افل قال لئن لم یھدنی ربی لأکونن من القوم الضالین...فلما رأی الشمس بازغة قال ھذاربی ھذااکبر فلما افلت قال یا قوم انی بریئ مماتشرکون...انی وجھت وجھی للذی فطرالسموت والارض حنیفاوماانامن المشرکین ...(الانعام ٧٦...٧٩).

پس جب ابراہیم علیہ السلام پر رات نے اندھیرا کیا تو ستارہ دیکھا فرمایا یہ میرا رب ہے (آپکے خیال میں) پس جب وہ ڈوب گیا فرمایا میں ڈوب جانے والوں سے محبت الوہیت نہیں کرتا۔پس جب چاند کو نکلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا یہ میرا رب ہے (آپکے گمان میں) پس جب وہ ڈوب گیا تو فرمایا کہ اگر میرے رب نے مجھے ہدیت پہلے سے نہ کی ہوتی تو میں بھی گمراہ قوم میں ہو جاتا، پس جب آپ نے آفتاب کو نکلا ہوا دیکھا تو فرمایا (کیا) یہ میرا رب ہے یہ تو سب سے بڑا ہے پس جب وہ بھی ڈوب گیا تو فرمایا اے میری قوم میں ان آلہ سے بیزار ہوں جنہیں تم اللہ کا شریک بناتے ہو میں نے تو اپنا رخ اس ذات کی طرف متوجہ کیا جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس حال میں کہ میں نے اللہ تعالی کے علاوہ سب سے منہ موڑ لیا ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔

بات کو طول دینے کے بجائے میں چند آیات ذکر کر دیتا ہوں۔فرمان خداوندی

maktabatulishaat.com

ہے۔

واذکر فی الکتب ابراھیم انه کان صدیقا نبیا...اذقال لابیه یا ابت لم تعبد ما لا یسمع ولا یبصرولا یغنی عنك شینا..یا ابت انی قد جائنی من العلم ما لم یأتك فاتبعنی اهدك صراك سویا...یاابت لاتعبدالشیطن ان الشیطن کان للرحمن عصیا..یابت انی اخاف ان یمسك عذاب من الرحمن فتکون للشیطان ولیا...قال اراغب انت عن الهتی یاابراهیم لئن لم تنته لارجمنك واهجرنی ملیا..(مریم ۴۱...۴۶)

باپ آزر حضرت ابرہیم علیہ السلام کی ایک بات کا جواب نہ دے سکا تو دھمکیاں دینے لگا۔جیسا کہ یہ ہر باطل پرست کا وتیرہ ہے کہ تنگ آمد بجنگ آمد دلیل نہ دارد

مناظرہ ومقابلہ فرعون اور رجل مؤمن

فرمان خداوندی ہے۔

وقال فرعون ذرونی اقتل موسی ولیدع ربه انی اخاف ان یبدل دینکم او ان یظهر فی الارض الفساد...وقال رجل مؤمن من ال فرعون یکتم ایمانه اتقتلون رجلا ان یقول ربی الله وقد جاء کم بالبینات من ربکم ...یا قوم لکم الملك الیوم ظاهرین فی الارض فمن ینصرنا من بأس الله ان جاء ناقال فرعون مااریکم الا ماارى وما اهدیکم ال سبیل الرشاد وقال الذی امن یقوم انی اخاف علیکم مثل یو م الاحزاب...ویا قوم انی اخاف علیکم یوم التناد...وقال الذی امن یقوم اتبعون اهدکم

سبیل الرشاد یقوم انما هذه الحیوة الدنیامتاع وان الاخرة هی دارالقرار... ویقوم مالی ادعوکم الی النجاةوتدعوننی الی النار تدعوننی لاکفر بالله واشرك به ما لیس لی به علم وانا ادعوکم الی العزیزالغفار لاجرم انما تدعوننی لیس له دعوة فی الدنیا ولا فی الاخرةوان مردناالی الله وان المسرفین هم اصحاب النارفستذکرون ما اقول لکم وافوض امری الی الله ان الله بصیر بالعباد...

﴿انجام مناظره ومقابله ومجادله﴾

مذکورہ مقابلہ ومجادلہ کے بعدان لوگوں کا انجام قرآن کریم نے یوں ذکر کیا...فوقاہ اللہ سیئات مامکرواوحاق بآل فرعون سوء العذاب...النار یعرضون علیہا غدواوعشیاویوم تقوم الساعۃ ادخلواآل فرعون اشد العذاب...(المؤمن ۲۶..۳۶)۔

﴿ساحروں سے مناظرہ﴾

فرعون نے لوگوں سے کہا کہ یہ موسیٰ علیہ السلام ساحر ہے لوگوں نے کہا کہ اسکے مقابلہ کیلئے شہروں میں لوگوں کو بھیج دو کہ چیدہ چیدہ ساحروں کو اس کے ساتھ مقابلہ کرنے کی دعوت دیں اسی طرح ہوگیا کہ ساحر مقابلہ کیلئے جمع ہوکر موسیٰ علیہ السلام سے کہا۔

قالوا یموسی اماان تلقی وما ان نکون اول من القی قال بل القوافاذاحبالهم وعصیهم یخیل الیه من سحرهم انها تسعی فاوجس فی نفسه خیفة موسی قلنا لاتخف انك انت الاعلی والق مافی یمینك

تلقف ماصنعوا انما صنعوا کید ساحر ولا یفلح الساحر حیث اتی

فالقی السحرۃ سجدا قالوا امنابرب هرون وموسی...(طه ٦٥...٧٠)

اور فرمان الهی هے.

قال لهم موسی القوا ماانتم ملقون فالقواحبالهم وعصیهم وقالوا

